THE
SENATE OF PAKISTAN
DEBATES

OFFICIAL REPORT

Friday, January 07, 2022
(317th Session)
Volume I, No. 02
(Nos.01-19)

Printed and Published by the Senate Secretariat, Islamabad

Volume I	SP.I(02)/2022
No.02	15

Contents

1. Recitation from the Holy Quran 1
2. Questions and Answers 1
3. Leave of Absence 71
4. Further Discussion on the Money Bill, the Finance Supplementary Bill, 2021 73
    - Senator Mushtaq Ahmed 73
    - Senator Engr. Rukhsana Zuberi 76
    - Senator Hidayatullah Khan 83
    - Senator Rana Maqbool Ahmad 86
    - Senator Ejaz Ahmad Chaudhary 90
    - Senator Molvi Faiz Muhammad 95
    - Senator Faisal Javed 97
    - Senator Walid Iqbal 101

SENATE OF PAKISTAN
SENATE DEBATES

Friday, January 07, 2022

The Senate of Pakistan met in the Senate Hall (Parliament House) Islamabad at thirty one minutes past ten in the morning with Mr. Chairman (Muhammad Sadiq Sanjrani) in the Chair.

Recitation from the Holy Quran

اَعُوْذُبِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔

اِنَّا كُلَّ شَیْءٍ خَلَقْنٰهُ بِقَدَرٍ ﴿۴۹﴾ وَ مَاۤ اَمْرُنَاۤ اِلَّا وَاحِدَةٌ كَلَمْحٍۭ بِالْبَصَرِ ﴿۵۰﴾ وَ لَقَدْ اَهْلَكْنَاۤ اَشْیَاعَكُمْ فَهَلْ مِنْ مُّدَّكِرٍ ﴿۵۱﴾ وَ كُلُّ شَیْءٍ فَعَلُوْهُ فِی الزُّبُرِ ﴿۵۲﴾ وَ كُلُّ صَغِیْرٍ وَّ كَبِیْرٍ مُّسْتَطَرٌ ﴿۵۳﴾ اِنَّ الْمُتَّقِیْنَ فِیْ جَنّٰتٍ وَّ نَهَرٍ ﴿۵۴﴾ فِیْ مَقْعَدِ صِدْقٍ عِنْدَ مَلِیْكٍ مُّقْتَدِرٍ ﴿۵۵﴾

ترجمہ: ہم نے ہر چیز اندازہ مقرر کے ساتھ پیدا کی ہے اور ہمارا حکم تو آنکھ کے جھپکنے کی طرح ایک بات ہوتی ہے اور ہم تمہارے ہم مذہبوں کو ہلاک کر چکے ہیں تو کوئی ہے کہ سوچے سمجھے؟ اور جو کچھ انہوں نے کیا (ان کے) اعمال ناموں میں (مندرج) ہے (یعنی) ہر چھوٹا اور بڑا کام لکھ دیا گیا ہے۔ جو پرہیزگار ہیں وہ باغوں اور نہروں میں ہوں گے (یعنی) پاک مقام میں ہر طرح کی قدرت رکھنے والے بادشاہ کی بارگاہ میں۔

سورۃ القمر: (آیات 49 تا 55)

Questions and Answers

جناب چیئرمین: جزاک اللہ۔ آپ سب کو جمعہ مبارک ہو۔ سینیٹر ذیشان خانزادہ۔

(Def.) *Question No. 6 Senator Zeeshan Khan Zada: *Will the Minister for Planning, Development and Special Initiatives be pleased to state:*

(a) the total amount spent on the National census in 2017;

(b) the number of formal complaints received against the results of the said census 2017 with requests for verification of the census figures, if any; and

(c) tentative dates for the next National census?

Mr. Asad Umar: (a) The total amount spent on the National Census in year 2017 was Rs. 16.884 billion.

(b) Firstly, the Chief Minister Sindh made some observations/ recommendations on 10th March, 2017 for smooth field operations of Census 2017. Later after census activity observations were made on census 2017 results by the CM Sindh in the CCI meeting held on 13th November, 2017 and therein it was decided to conduct third party validation of 1% blocks. In the CCI meeting of 24th November, 2017 it was enhanced to 5% of the blocks.

Furthermore, the Chief Minister of Sindh opposed the approval of final results of Census-2017 in 45th meeting of CCI held on 12th April, 2021, however on the recommendation of Cabinet Committee the results were approved by CCI with the majority votes and directed to start process for the next census at the earliest, while adopting best international practices and technology usage.

The CM Sindh on 29th May, 2021 while using its constitutional right under Article 154 (7) submitted a

reference to the Parliament on the above mentioned CCI's decision for its placement before the joint session and accordingly during joint session held on 17th November, 2021 the reference was considered wherein the CCI's decision was approved with majority votes.

(c) The process of 7th Population and Housing Census-2022 (1st Digital Census) has been initiated; a Pilot Census will be conducted *w.e.f.* 15th May, 2022 to 15th June, 2022 and complete Field Operation (Face to Face interviews) will be carried out from 1st August, 2022 to 31st August, 2022 tentatively.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جی، ہیں۔

جناب چیئرمین: آپ جمعے کے دن بھی supplementary کرتے ہیں۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! یہ بڑا ضروری topic ہے۔ اس پر تو کئی ضمنی سوال ہوں گے۔

جناب چیئرمین: آج تو چھٹی اور نانے کا دن ہے۔ جی، بتائیں۔

سینیٹر ذیشان خانزادہ: جناب چیئرمین! یہ سوال Census 2017 کے حوالے سے پوچھا گیا ہے۔ اس پر سیاسی جماعتوں اور کچھ صوبوں کی طرف سے reservations تھیں۔ جواب میں بھی بتایا گیا ہے کہ اس کا third party survey کرایا گیا۔ جس طرح بتایا گیا ہے کہ آنے والا census 2022 میں ان شاء اللہ ہوگا۔ اس حوالے سے حکومت نے کوئی تیاری یا سیاسی جماعتوں سے مشاورت کی ہے۔ اس کے علاوہ اگر 2022 میں جب census ہوگا تو پھر 2023 میں الیکشن بھی ہے تو اس کے بعد delimitation کا کیا procedure ہوگا۔

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Parliamentary Affairs.

علی محمد خان: (وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور) بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ اللھم صل وسلم و بارک علیٰ سیدنا محمد۔ بہت شکریہ۔ جناب چیئرمین! آپ نے جمعہ کی مبارکباد دی ہے تو آپ کو بھی خیر

مبارک ہو۔ بہت شکریہ۔ جمعہ تمام دنوں کا سردار ہے۔ ذیشان خانزادہ صاحب کا census کے حوالے سے بڑا important سوال ہے۔ جناب چیئرمین! میں آپ کو یہ عرض کرنا چاہوں گا کہ تقریباً اس وقت پاکستان میں جتنے censuses ہوئے ہیں یہ جو آنے والا census جو پاکستان تحریک انصاف کی حکومت کرنے لگی ہے۔ فاروق نائیک کی توجہ درکار ہے۔

جناب چیئرمین: فاروق نائیک صاحب تھوڑی سی گفتگو کر رہے ہیں۔ آپ بتائیں۔

علی محمد خان: ان کی توجہ درکار ہے کیونکہ وہ ججز کمیٹی کے چیئرمین ہیں۔ ہم ان کی توجہ کے بغیر تو کچھ بھی نہیں کر سکتے۔

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے۔

علی محمد خان: جناب چیئرمین! پاکستان تحریک انصاف کی حکومت نے پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار .I am stating this on record میرے right side پر کافی stalwarts موجود ہیں۔ رضا ربانی صاحب اور نائیک صاحب بھی موجود ہیں جو اب باہر جا رہے ہیں۔ استاد محترم عرفان صاحب بھی موجود ہیں۔ میرے خیال میں اگر میں اس بیان میں کوئی غلطی کروں گا تو وہ فوری طور پر مجھے پکڑ لیں گے اور اگر غلطی نہیں ہو گی اور ہم نے کوئی کارکردگی پیش کی ہے تو پھر سب کی appreciation میں چاہوں گا۔ اس کی ایک وجہ ہے۔ 1947 میں پاکستان بنا۔ پہلی مردم شماری 1951 میں ہوئی۔ دس سال بعد ایک اور مردم شماری ایوب خان صاحب کے دور میں 1961 میں ہوئی۔ اس کے بعد ایک اور مردم شماری 1972 میں ہوئی اور اس کے بعد ایک اور مردم شماری 1981 میں ہوئی۔ ان کی بیچ میں دس دس سال کا gap ہے۔ 1981 تک ہم چار censuses کر چکے ہیں۔ اس کے بعد ایک مردم شماری 1998 میں ہوئی۔ جناب چیئرمین! یہ 17 سال کے بعد ہوئی۔ یہ مسلم لیگ (ن) اور پاکستان پیپلز پارٹی کے دور میں ہوا کہ جو کام دس سال میں ہوتا تھا انہوں نے وہ کام 17 سال میں کر دیا۔ چلو، 1998 میں کر تو دیا۔ اس کے بعد ایک لمبی خاموشی آتی ہے۔ 1998 کے بعد ایک dictator Sahib کی حکومت آ جاتی ہے۔ دو ہمارے سیاستدانوں کی حکومت آ جاتی ہے اور پھر 2017 میں ایک اور لمبے gap کے بعد census ہوتا ہے۔ یہ پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار ہو رہا ہے کہ پانچ سال کے gap میں عمران خان صاحب آپ کو census کرا کے دے رہے ہیں۔ اس طرح پاکستان کی تاریخ میں نہیں ہوا۔ میں سمجھتا ہوں کہ جو

aware اور ذمہ دار قومیں ہیں ان کو پتا ہوتا ہے کہ میری کتنی feeding mouths ہیں۔ میں نے کتنے بچوں کو تعلیم دینی ہے۔ میری کتنی مائیں اور بچیاں ہیں جن کی میں نے صحت کا خیال رکھنا ہے۔ کتنے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں ہیں جن کو میں نے jobs دینی ہیں۔ ان کے لیے census چاہیے۔ الحمدللہ! پاکستان کی تاریخ میں پانچ سال میں پہلی بار عمران خان صاحب آپ کو مردم شماری کرا کے دے رہے ہیں۔ ذیشان صاحب کا سوال ہے کہ تیاریاں کیسی ہیں۔ جواب ہم نے آپ کو دے دیا ہے کہ state of art طریقوں سے ہم کریں گے۔ اگر اس پارلیمان میں کسی کی بھی کوئی suggestion ہے۔ اگر آپ چاہتے ہیں کہ اس پر debate کرالیں تو میں اس کو بھی welcome کرتا ہوں۔ ان شاء اللہ اس کی تیاریاں مکمل ہیں۔ آپ نے delimitation کی بھی بات کی ہے۔ اس پر الیکشن کمیشن آف پاکستان سے سوال بنے گا، وہ ان شاء اللہ اس کا جواب دیں گے لیکن پہلے census ہو جائے اس کے بعد وہ جواب دیں۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر سیف اللہ ابڑو صاحب، ضمنی سوال۔

سینیٹر سیف اللہ ابڑو: چیئرمین صاحب! شکریہ۔ جناب! یہ جو 7th population and housing census 2022 ہونے ہیں، 15 مئی سے شروع ہونے ہیں۔ میری submission یہ ہے کہ ماضی میں یہ ہوتا رہا ہے، census جب بھی ہوتے ہیں تو کسی اور علاقے کے ووٹرز کو کسی من پسند constituencies میں داخل کیے جاتے ہیں، لوگ وہاں شامل کرا دیتے ہیں۔ actually ان کا وہاں نام ونشان نہیں ہوتا، ان کے گھر وہاں موجود نہیں ہوتے۔

میری submission یہ ہے کہ جب یہ start ہو جائے، ہمارے ایوان سے ایک recommendation جائے کہ اس کی physically verification ہونی چاہیے۔ جس گھر میں بھی کوئی عملہ جاتا ہے وہ کہتے ہیں کہ میرے گھر کے 20 افراد ہیں تو ان کو کم از کم وہ بیس دکھانے چاہییں تاکہ وہ actual figure آجائے۔ ہمارے سندھ میں تو ایسے ہے کہ وہاں ایک ایک ووٹ دس دس جگہوں پر شامل ہوا ہے۔۔۔۔

Mr. Chairman: Good suggestion,

نوٹ کرلیا ہے وزارت والوں نے بھی، وزیر صاحب بھی بتائیں گے۔

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Parliamentary Affairs.

جناب علی محمد خان: اس میں ہماری وزارت کا سٹاف موجود ہے۔ میں ان سے request کروں گا کہ اس کو written میں اپنے ساتھ لے لیں، ریکارڈ میں اور اس کو باقاعدہ اپنی میٹنگوں کا حصہ بنائیں جو معزز سینیٹر ابڑو صاحب نے تجویز دی ہے۔ آپ کی طرف سے چونکہ direction بھی آ گئی ہے تو میں expect کرتا ہوں کہ next census میں اس چیز کا بہت زیادہ خیال رکھا جائے گا۔ میرا دفتر بھی اس تجویز کو pursue کرے گا۔ شکریہ۔

Mr. Chairman: Honourable Senator Tahir Bizinjo Sahib on supplementary question.

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: جناب! پتا نہیں میرا یہ question relevant ہے یا نہیں۔ ہم EVM کے استعمال کے حوالے سے باتیں سن رہے ہیں۔ آپ کے خیال میں EVM کے استعمال پر کتنے اخراجات آ سکتے ہیں؟

جناب چیئرمین: یہ تو ابھی اس سوال سے تعلق نہیں رکھتا۔

سینیٹر محمد طاہر بزنجو: جناب! میں نے کہا ہے کہ ویسے تو حکومت کر رہی ہے۔۔۔

جناب چیئرمین: دیکھیں، یہ different question ہے۔ پھر بھی وزیر صاحب بتا دیں۔

Honourable Minister of State for Parliamentary Affairs.

جناب علی محمد خان: یہ سوال relevant تو نہیں ہے، میں یہ کہنا چاہوں گا کہ حکومت کا کام finance provide کرنا ہے۔ اس کی purchase according to law کرنا جو نیا قانون آیا ہے وہ ECP نے procure کرنا ہے۔ اس پر جتنی بھی amount collective cost آئے گی حکومت پاکستان ان کو provide کرے گی۔ یہ billions میں ہے، ظاہر ہے ہمیں کافی بڑی تعداد میں مشینیں چاہییں، ہم آپ کو exact proper amount تبھی دے سکیں گے اگر ECP کی طرف سے ہمیں information ملے گی۔ آپ اس پر سوال پوچھیں تو وہ جواب دے دیں گے۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: معزز سینیٹر اعجاز احمد چوہدری صاحب۔

*Question No. 26 Senator Ejaz Ahmad Chaudhary: *Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state:*

(a) whether it is fact that food inflation ratio has increased substantially during the last two years, if yes, reasons thereof; and

(b) steps taken by the Government to provide essential edible item at cheapest rate?

Senator Shaukat Fayaz Ahmed Tarin: (a) Food inflation rate has not increased substantially as given below:

Fiscal year/ Months	Food (Urban)	Food (Rural)
2019-20	13.6	15.9
2020-21	12.4	13.1
2021-22 (Jul-Dec)	10.6	8.4

Source: PBS

- Food inflation is dependent on the domestic supply/production of food items & the supply & prices of food items in global market. In global market, there was disruption in supply of commodities due to COVID-19 & high demand.
- The inflationary pressure is a global/regional phenomenon, as inflation is recorded in Iran 35.7% (Nov 21), Turkey 21.3% (Nov 21) and Kyrgyztan 12.3% (Nov 21).
- Pakistan is a net importer of food items especially crude oil, edible oil, wheat, sugar and pulses. Hence, the food inflation is not a domestic phenomenon.

International Prices					
Months	Sugar ($/mt)	Palm oil ($/mt)	Soyabean oil ($/mt)	Wheat ($/mt)	Crude oil ($/brl)
Nov 2020	310.0	918.0	974.0	247.9	43.2
Nov 2021	430.0	1348.0	1440.0	334.5	80.8
% Change	38.7	46.8	47.8	34.9	87.0

Source: Pink sheet (World Bank)

- Present government has made difficult decisions of upward adjustment in overdue gas and electricity prices, market-based exchange rate adjustments etc. to correct the macroeconomic imbalances.
- The government has been effectively managing the required supply of all the essential items by bridging the demand supply gap with imports to ensure sufficient supply of food items in the country to control price escalation.

(b) To ease out the inflationary pressure, the Government is taking Administrative, Policy & Relief measures:

Administrative Measures:

- Weekly National Price Monitoring Committee meetings under the Chairmanship of the FM to ensure smooth supply of essential items and to monitor the prices by provincial and Federal organizations.
- Government is also expanding the network of Sasta Bazaars and Utility Store outlets for provision of smooth supply of daily use items.

- Competition Commission of Pakistan is taking proactive measures to control Cartelization and undue Profiteering.
- District Price Control Committees are actively monitoring the prices of essential items to ensure their availability at reasonable prices.

Policy Measures:

- Government is importing wheat (2.0 MMT) and sugar (0.3 MMT) to ensure their smooth supply at reasonable prices.
- Maintaining strategic reserves of wheat, sugar, ghee and pulses. M/o NFS&R and M/o Industries and Production are working on it to ensure their sufficient supply.
- Strategy for reducing profit margin between wholesale and retail price of essential items by analysing the value chain of these items is being worked out in consultation with provincial Chief Secretaries.
- Under the Prime Minister's comprehensive Agriculture Transformation Plan, the government is focusing on medium & long term strategy for raising production of essential imported food items including edible oil and pulses.
- Government is implementing National Agriculture Emergency Program amounting Rs. 277 billion to uplift agriculture and livestock sector on modern lines and to enhance the production level of major and minor crops.

Relief Measures:

- Government has decided to release wheat at the price of Rs. 1950 per 40 kg to ease out its price and ensure smooth supply in the market and flour mills would provide 20 kg bag for Rs. 1,100. All Provincial governments are releasing wheat at the government determined price.
- Government decided to set the price of sugar at Rs. 90/kg across the country.
- The pro poor allocations under BISP in 2018 amounts to Rs. 121 billion which has been enhanced to Rs. 260 billion in FY 2022 under the EHSAAS program. Government has further decided to provide cash subsidy on wheat flour, ghee and pulses.
- A relief package of Rs. 120 bn announced to provide 30 percent discount on ghee, wheat flour and pulses to 130 million people for the next six months.
- Ehsaas Emergency Cash Program: the government has disbursed Rs. 179.3 billion to 14.8 million beneficiaries to provide immediate cash relief of Rs. 12,000 whose livelihood has been severely affected by the pandemic.
- The Panagahs for jobless and poor has been extended across the country to provide meals and shelter for unemployed.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر اعجاز احمد چوہدری: جی جناب، پہلے تو میں وزارت کا بہت شکر گزار ہوں کہ انہوں نے میرے سوال کا جواب بڑا تفصیلی دیا ہے۔ اگلی گزارش میں یہ کرنا چاہتا ہوں کہ آئندہ چھ ماہ یا سال

میں عام آدمی کے استعمال کی اشیا بالخصوص خورونوش کی اشیا میں کمی آنے کا امکان ہے؟ ساتھ ہی ایک چھوٹا سا اور سوال ہے، آگے جس میں وضاحت ہے کہ ایک سو بیس ارب روپے تقریباً ستر لاکھ دکانوں کے ذریعے جو subsidy دی جارہی ہے، رعایتی نرخوں پر جو چار اشیائے خورونوش دی جارہی ہیں، کیا اس پر عمل درآمد شروع ہو گیا ہے؟

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Parliamentary Affairs.

جناب علی محمد خان: اعجاز چوہدری صاحب! شکریہ۔ ان کی طرف سے سوال آیا چونکہ عوامی آدمی ہیں اس لئے ان کا سوال direct عوام سے متعلق ہے۔ میں appreciate کرتا ہوں کہ حکومتی بنچوں پر ہونے کے باوجود انہوں نے اہم سوال کیا ہے۔ یہی ہماری جمہوریت کی spirit ہے کہ ہم حکومت میں ہوتے ہوئے، عوامی نمائندے ہوتے ہوئے اپنی حکومت کے بارے میں وہ سوال کریں جو ہمیں کرنے چاہییں۔

جناب! آپ نے جو سوال کیا ہے پہلے تو اس کا categorically جواب یہ ہے کہ وزیر خزانہ محترم شوکت ترین صاحب نے کابینہ کو بھی اور پارلیمانی پارٹی کو بھی جو briefing دی تو انہوں نے یہ بات کی ہے۔ قومی اسمبلی میں جو انہوں نے Supplementary Amendment Bill پیش کیا ہے اس میں بھی انہوں نے یہ بات ہمیں بتائی کہ اگلے تین چار ماہ میں آپ کے ہاں inflation میں ان شاء اللہ بہتری آئے گی۔

میں آپ کو اس میں ایک تقابلی جائزہ پیش کر دوں اور اس کے بعد انہوں نے جو بات کی ہے اس کا آخری اور دوسرا جواب دوں گا۔ جناب وہ یہ ہے کہ مہنگائی ہے، بالکل ہے، حکومت اس سے انکار نہیں کرتی لیکن ہم اس کو جتنا کم رکھ سکتے تھے ہم نے کم رکھا۔ اس کے حوالے سے آپ کو ہم تفصیلی جواب دے چکے ہیں۔ میں دو تین موٹی موٹی باتیں کرتا ہوں تاکہ تھوڑا عوام کو بھی idea ہو کہ اس وقت پاکستان کی تاریخ میں پہلی بار کسان کو گندم کے highest possible rates ملے ہیں۔

جناب چیئرمین! آپ کو یہ جان کر خوشی ہو گی کہ کل بھی ایوان صدر میں صدر مملکت کی chairmanship میں ایک کسان سلام، پاکستان سلام کانفرنس ہوئی۔ یہ بات کسانوں نے کل بھی acknowledge کی، ان کے آل پاکستان کے President بھی آئے ہوئے تھے کہ گیارہ

سوارب، one trillion plus کی اضافی آمدن ہوئی ہے، اس wheat price کی وجہ سے گیارہ سوارب سے زیادہ کی آمدن عام کسان کو ہوئی ہے ۔ نمبر2، ریکارڈ تعداد میں fertilizers پاکستان کی تاریخ میں اس پچھلے سال میں sale ہوئی ہیں، ریکارڈ تعداد میں آپ کی wheat production ہوئی ہے۔ ساتھ ساتھ آپ کو یہ جان کر بھی خوشی ہوگی کہ جب یہ crisis آیا ہے تو پاکستان وہ واحد ملک ہے جس نے اللہ تعالیٰ کے کرم سے، آپ کے جواب میں موجود ہے، عوام کے لئے یہ بتارہا ہوں کہ ایک سواسی ارب کے قریب ہم نے household کے لئے we took care of them اور ہم نے ان کو بارہ بارہ ہزار روپے دیے جس میں سے اس کے 14.8 million beneficiaries ہیں۔

آپ کو یہ جان کر بھی خوشی ہوگی کہ جس طرح جناب اعجاز چوہدری صاحب نے اس پر بات بھی کی ہے کہ احساس پروگرام کے تحت ہم نے 121 ارب کی amount enhance کی ہے 260 ارب روپے تک تو آپ اس کو دیکھ لیں کہ تقریباً ڈبل ہے، سو فیصد کی increase ہے۔ ہم نے عام آدمی کے استعمال کے لئے ایک سو بیس ارب دیئے ہیں جس میں سے ایک سو تیس ملین افراد اس سے فائدہ اٹھائیں گے۔ ان کو گھی میں 30% discount ملے گا، گندم اور آٹے میں اور اس کے ساتھ ساتھ دالوں میں۔ آخری بات ایک تقابلی جائزہ ہے، کہ تمام honourable House اور عوام کے لئے بھی کہ پاکستان میں اس وقت مہنگائی کی شرح میں ہم 9.8% پر ہیں، اس وقت ایران 35.7% پر ہے، ترکی 21.3% پر ہے اور کرغستان 12.3% پر ہے تو آپ کو سنٹرل ایشیا اور ساؤتھ ایشیا کا ہم نے ایک تقابلی جائزہ دیا ہے کہ پاکستان ان سے پھر بھی کم ہے لیکن یہ کوئی defence نہیں ہے صرف آپ کو ہم نے ایک تقابلی جائزہ دیا ہے۔ ان شاءاللہ حکومت کوشش کررہی ہے کہ اگلے بجٹ سے پہلے پہلے آپ ان شاءاللہ ایک remarkable relief دیکھیں گے۔ بہت شکریہ جناب۔

Mr. Chairman:Honourabe Senator Rukhsana Zuberi Sahiba.

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری: چیئرمین صاحب! شکریہ۔ میری گزارش یہ ہوگی کہ وزیر صاحب کے لئے بھی کوئی time ہونا چاہیے تاکہ ہمیں جلدی جلدی جواب ملیں اور بہت تفصیل میں نہیں جائے۔

میں یہ کہا گیا ہے کہ Administrative measures weekly national price monitoring Committee ہوگی جس کو وزیر خارجہ chair کریں گے۔ ویسے بھی non-started ہے اس لئے کہ Foreign Minister cannot take out time for this. دوسری بات یہ ہے کہ maintaining strategic reserve of all these essential items i.e. wheat, sugar, ghee and all that, we need to see کہ دوسرے ملکوں میں کیا ہو رہا ہے۔ کیا حکومت Federal leveltop level, پر اس طرح involve ہوتی ہے in purchasing and keeping the supplies and controlling the prices. پھر انہوں نے کہا ہے کہ یہ National Agriculture Emergency Programme amounting to so and so billion یہ کر رہے ہیں۔ میں جاننا چاہتی ہوں کہ what targets have been assigned to it? چونکہ چیئرمین صاحب! آپ نے دیکھا کہ نئے سال کی خوشخبری یہ آئی کہ یوریا کا ایک ٹرک لوگوں نے لوٹ لیا۔ لوٹ لیا کا مطلب یہ ہے کہ they are very desperate and then پھر وہی war mentality چل رہی ہے۔

دوسری طرف ایک پاکستانی ہے جن کا نام آصف شریف ہے، he has come up with the new system of cultivation. I think he met Prime Minister also but action مجھے نظر نہیں آ رہا۔ پوری دنیا، امریکہ، افریقہ، ایشیا، آسٹریلیا میں انہوں نے پائیدار قومی نظام کاشت کاری، PQNK متعارف کرایا ہے جس میں وہ کہتے ہیں کہ یہ organic plus many times high yields ہے۔ اس میں کوئی کیمیکل استعمال نہیں کر رہے، کوئی یوریا نہیں use ہو رہا، بیج بہت کم استعمال ہو رہا ہے۔ تین ساڑھے تین کلو گرام per acre use کر رہے ہیں. as compared to 40 to 50 per kgs per acre.

جناب! ایک سیکنڈ میں اور لوں گی، اس میں اسّی فیصد پانی کی بچت ہے۔ اس میں ٹریکٹر کی بھی ضرورت نہیں ہے۔۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: شیری صاحبہ جا رہی ہے، چلیں الحمد للہ۔ جی، جی۔

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری: میں نے یہ بھی سنا ہے کہ ان صاحب کو دوسرے ملک نوبل پرائز کے لئے nominate کر رہے ہیں اور ہم چراغ تلے اندھیرا ویسے بھی ہے اور ہم چراغ تلے اندھیرے میں بیٹھے ہیں۔۔۔۔

جناب چیئرمین: میڈم، پھر علی محمد خان جواب بھی اتنا ہی لمبا دیں گے، وہ چپ تو نہیں رہیں گے، اس لیے short question کریں اور short answer سنیں۔

سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری: جناب چیئرمین! میں آپ سے درخواست کروں گی کہ آپ یا تو Standing Committee on Food Security کو یا پورے ایوان کو، آصف شریف کو بلا کر ان سے کہیں کہ presentation دیں،

he is not a consultant or anything who is going to charge certain money, even if he does, he can make a difference in our country, let us welcome him.

جناب چیئرمین: جی محترم وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور۔

جناب علی محمد خان: جناب! Science student کا ایک مسئلہ ہوتا ہے کہ science student 1+1=2 سمجھتا ہے لیکن وکیل، ربانی صاحب بیٹھے ہیں، وکیل 1+1 کو پونے دو یا ڈھائی بھی بنا سکتا ہے۔ میڈم انجینئر ہیں، میرا بھی engineering کا background ہے۔۔۔۔

جناب چیئرمین: علی محمد خان، کسی دن میں نے آپ کا bio data بھی ایوان میں share کرنا ہے۔ آپ نے کیا کیا پڑھا ہے؟

جناب علی محمد خان: میں نے یہ باتیں اس حوالے سے کی ہیں کہ Price Monitoring Committee نے فرمایا ہے کہ FM Chair کرتے ہیں، FM سے Foreign Minister تو ان کا مقصد نہیں ہے، normally Finance Minister کو FM کہا جاتا ہے، تو یہاں FM کا مطلب Finance Minister ہے۔ I hope that I clarified the situation. Finance Minister نے Chair کرنا ہے۔ ہم نے شاہ محمود قریشی صاحب کو بڑے بڑے کاموں کے لیے باہر ممالک میں بھیجنا ہے۔ یہاں والے

Finance کے کام شوکت ترین صاحب کرتے ہیں، ماشاء اللہ دوبارہ سینیٹر بن گئے ہیں۔ ایک تو یہ بات ہو گئی۔

دوسری، انہوں نے آصف کی بات کی ہے، اس پر میں خوش ہوں کہ آپ نے اس چیز کی نشان دہی کی ہے لیکن حکومت اس پر already notice لے چکی ہے۔ محترم وزیر اعظم صاحب سے بھی ملاقات ہوئی ہے۔ وزیر برائے Food Security فخر امام صاحب سے بھی آصف صاحب کی ملاقات ہوئی ہے۔ اس پر جو بھی deliberations ہوں، وہ ہوں گی۔ آپ کی suggestion کو encourage کرتا ہوں کہ اگر یہ ایوان مناسب سمجھتا ہے اور چیئرمین صاحب کی اجازت سے اس سوال کو ہم Food Security Committee میں بھیج دیتے ہیں، وہاں آپ بے شک آصف صاحب کو بھی بلا لیں، وہاں ان کی جو بھی suggestion ہے، آپ کوئی suggestion دینا چاہتے ہیں، I think we should encourage anything regarding farmers کیونکہ یہ حکومت زمینداروں کے لیے تاریخی اقدامات لے رہی ہے۔

اب اس اصل بات کی طرف آتے ہیں، آپ نے کہا کہ farmers کے لیے حکومت کیا کر رہی ہے۔ سب سے اہم چیز جو مجھے اس حکومت کے شروع میں سن کر دکھ ہوا، اللہ تعالیٰ کے کرم سے اس حکومت نے اس کو cover کرنے کی بڑی کوشش کی ہے۔ 19-2018 میں، میں پورے ایوان کی توجہ چاہتا ہوں لیکن میں آج شاید تیسری بار ربانی صاحب کا ذکر کر رہا ہوں، ان کی توجہ اس لیے چاہتا ہوں کہ وہ اس وقت چیئرمین تھے جب ہم سب تاریخی 18th Constitutional Amendment لے کر آئے، جہاں اس کے بہت سے فوائد ہوئے، وہاں ایک نقصان ہمیں یہ ہوا، شاید وہ deliberate نہیں تھا، لیکن کچھ چیزیں ہو جاتی ہیں، جب ہم نے Agriculture Ministry devolve کی صوبوں میں تو اس میں ایک مسئلہ ہوا، 19-2018 میں آپ کی کابینہ کو زراعت کی مد میں ایک briefing دی گئی اور وہاں یہ بتایا گیا کہ جب سے اٹھارھویں ترمیم pass ہوئی ہے، کسی حکومت کی بات نہیں کی اور نہ کسی صوبے کی، ریاست پاکستان as a whole, which includes Centre اور چاروں صوبائی حکومتیں، انہوں نے ملا کر farmers پر، زراعت پر 60% کم spending کی، اس کی شاید وجہ یہ تھی کہ

devolved ہوئی تو کسی صوبے نے کم، کسی نے زیادہ کی لیکن جو ایک centrality اس میں تھی، اس کا ایک joint mechanism بنتا۔

اس حکومت کی Ministry of Food Security نے صوبوں کو، سندھ میں تو ہماری حکومت نہیں ہے، ان کو بھی ساتھ لے کر تمام صوبوں کو ساتھ لے کر ہم نے اس میں invest کیا ہے کہ ہم اس gap کو کم کریں، اب بھی ہماری GDP کا تیس سے چالیس فیصد زراعت کا ہے۔ اس سلسلے میں سب سے اہم step یہ لیا گیا کہ ہم کسان کو آسان اقساط پر قرضے دیں، ان کو fertilizers میں relief دیں اور ان کو best prices دیں۔ ان کو اس وقت opportunities provide کریں جب ان کو اس کی best price ملے، مثال کے طور پر

جناب چیئرمین: جی۔

جناب علی محمد خان: جناب! میں brief کرتا ہوں۔ ان تمام اقدامات کی وجہ سے مجھے بہت زیادہ خوشی ہے کیونکہ میں گندم کاشت کرنے والے لوگوں میں سے ہوں۔۔۔۔

جناب چیئرمین: Farmer بھی ہیں؟ یعنی landlord ہیں۔

جناب علی محمد خان: تاریخ کی سب سے highest growth اس حکومت میں ہوئی، کسان کو 1100 ارب کی اضافی آمدن ہوئی آج پاکستان میں record tractors sale ہو رہے ہیں۔ آپ تو ٹریکٹر خریدتے نہیں، نہ ہمارے ڈاکٹر شہزاد صاحب خریدتے ہیں، ٹریکٹر تو کسان خریدتا ہے اور خریدتا تب ہے جب اس کی آمدنی بڑھتی ہے۔ Record تعداد میں motorcycles کی sale ہوئی ہے جو غریب آدمی کسان اور مزدور آدمی کی سواری ہے۔۔۔۔

Mr. Chairman: Thank you.

جناب علی محمد خان: آخری بات، اس بار ریکارڈ تعداد میں اور انتہائی سختی سے کابینہ کی strict directions کے مطابق، sugar mills کو strict directions ہیں کہ انہوں نے وقت پر اپنی crushing start کرنی ہے تاکہ کسان کماد پہنچا کر وقت پر گندم کاشت کر سکے۔ وقت پر crushing start کر کے ان کو best possible prices ملی ہیں۔ امید ہے کہ میں نے زبیری صاحبہ کے سوال کا جواب دے دیا ہے۔

(مداخلت)

جناب چیئرمین: ٹھیک ہے، وہ سوال کر لیں گے۔Particular کسی ایک بندے کے لیے اتنا نہیں پوچھا جاتا۔ جی سینیٹر جام مہتاب صاحب، ضمنی سوال پوچھیں۔

سینیٹر جام مہتاب حسین ڈاہر: شکریہ، جناب چیئرمین! جو جواب دیا ہے، اس میں تو بہت سارے سوالات بنتے ہیں لیکن میرا ایک سادہ سا سوال ہے کہ پاکستان میں 2009 کے بعد چینی ہو یا گندم، اتنا surplus تھا کہ حکومتیں export کرتی آئی ہیں۔ پہلی مرتبہ ہے کہ اس حکومت کے پچھلے سال میں ان کو رپورٹ دی گئی کہ ہمارے پاس excess میں گندم اور چینی ہے، جس کو پہلے export کیا گیا، بعد میں پتا چلا کہ اس میں shortage ہو گئی ہے، ملک کی consumption بھی پوری نہیں ہو رہی ہے، پھر import کی گئی۔ میرا سوال یہ بنتا ہے کہ جنہوں نے یہ رپورٹ دی کہ ہمارے پاس surplus چینی بھی ہے، گندم بھی ہے، ان کے خلاف کیا action لیا گیا؟ یا اس کے پیچھے کوئی اور محرکات تھے؟

جناب چیئرمین: محترم وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور۔

جناب علی محمد خان: جناب! assessment میں تھوڑی بہت اونچ نیچ، غلطی تو ہو سکتی ہے لیکن ظاہر ہے کہ جہاں ریکارڈ تعداد میں growth ہوئی، وہاں اس کی consumption بھی بڑھی۔ اس issue پر ایک رپورٹ بھی آئی، میرے خیال میں مناسب اقدامات لیے گئے ہوں گے۔ اگر assessment ہوتی ہے اور اگر آپ ایک honest assessment کرتے ہیں اور اس میں اگر آپ کو results اس کے مطابق نہیں ملتے، جب کسی شخص پر criminal negligence ثابت نہ ہو تو تب تک آپ اس کے خلاف کوئی تادیبی کارروائی تو نہیں کر سکتے لیکن بہر حال یہ ایک issue رہا، ریکارڈ تعداد میں ہماری growth ہوئی لیکن ہمیں پھر بھی import کرنی پڑی کیونکہ consumption بڑھی تھی۔ شکریہ۔

جناب چیئرمین: سینیٹر مشتاق صاحب۔

*Question No. 27 Senator Mushtaq Ahmed: *Will the Minister for Finance and Revenue be pleased to state reasons for current increase in the value of US Dollar against Pakistani rupees, indicating also the steps being*

taken by the Government of Pakistan to stabilize/ depreciate Pakistani rupees against US Dollar?

Senator Shaukat Fayaz Ahmed Tarin: The value of Pakistani Rupee has depreciated against the US Dollar during the current fiscal year from PKR 157.54 per US Dollar as of end June 2021 to PKR, 175.73 per US Dollar as on 12th November 2021, reflecting a depreciation of 10.3%. This is in contrast to PKR appreciation of 6.7 percent in FY21. The movement in PKR is primarily a reflection of the balance of payment position of the country. During first quarter of the current fiscal year (FY22), the current account has recorded a deficit of US$ 3.4 billion compared to a surplus of US$ 865 million in the same period last year. Rising international commodity (including oil) prices and incremental imports because of import of Wheat, Sugar and COVID vaccines, are major contributors towards the current account deficit.

2. It may be noted that since May 2019, Pakistan has adopted a market based flexible exchange rate system, where the exchange rate is determined by market demand and supply conditions and trend in the exchange rate is generally a reflection of external balance of payment position of the country. The flexible exchange rate system itself act as a first line of defense against the external shocks.

3. SBP has already and proactively taken measures to manage the impact of the rising imports. As these measures would help constrain imports, one source of the pressure on the PKR in the FX market would be checked. These measures include:

a. Increase in policy interest rates by 0.25 percent in September 2021;
b. Changes in prudential regulations for auto financing in particular and consumer financing in general. (Reason: automobile and cell phone imports are rising and contributing to the current account deficit);
c. Imposition of 100 percent cash margin requirement on 114 mostly consumer-oriented import items in September 2021. These items include consumer electronics (microwaves, LCD TVs, refrigerators, washing machines), construction-related items (ceramics, tiles), and transport-related goods (tyres, body parts), among others. These items are also produced locally, and the country can save valuable foreign exchange by discouraging their imports;
d. In October 2021, the SBP has undertaken efforts to curb unnecessary Cash foreign exchange outflows, especially via exchange companies. These include limiting the amount of cash FX that can be purchased by people visiting Afghanistan; biometric verification for all cash FX transactions over US$ 500; and use of banking channels for cash FX purchases over US$ 10,000.

3. Further, in the budget estimated for FY-22, Government of Pakistan has planned foreign exchange inflows from various multilateral/bilateral sources. Realization of these inflows shall improve foreign

exchange liquidity in the country and thus support build-up of foreign exchange reserves of the country.

Mr. Chairman: Any supplementary?

سینیٹر مشتاق احمد: جناب چیئرمین! میں نے پوچھا تھا کہ ڈالر کے مقابلے میں پاکستانی روپے کی قیمت گر رہی ہے، اس کی وجوہات کیا ہیں؟ روپے کو مستحکم رکھنے کے لیے کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟ جو جواب دیا گیا ہے، میں اس سے مطمئن نہیں ہوں۔ میں معزز وزیر کی تصحیح کرلوں، Pakistan Bureau of Statistics نے نومبر 2021 میں جو اعداد و شمار جاری کیے ہیں۔۔۔۔

جناب چیئرمین: اگر اسی پر رہیں۔جی۔

سینیٹر مشتاق احمد: Inflation rate 11.5% ہے، دسمبر 2021 میں جو اعداد و شمار دیے ہیں، ان میں inflation rate 12.3% ہے۔ یہ 22 ماہ کا بلند ترین inflation rate ہے۔

جناب چیئرمین! اگست 2018 میں جب ان کی حکومت آئی تو ڈالر 122 روپے پر تھا۔ چالیس ماہ کے بعد دسمبر 2021 میں ڈالر کی قیمت 177 ہے، یعنی 54 روپے بڑھا ہے اور روپے کی قیمت میں 45% depreciation ہوئی ہے۔اس سے بدترین قسم کی مہنگائی ہے، پوری معیشت اس سے ہل چکی ہے۔

ضمنی سوالات یہ ہیں کہ اس کے نتیجے میں پاکستان پر قرضوں میں کتنا اضافہ ہوا ہے، نمبر ا۔ نمبر ۲، یہ جو آپ روپے کی قیمت گرا رہے ہیں تو کیا کوئی research paper ہے کہ اس کی بنیاد کیا ہے؟ ایک بندہ جو اسٹیٹ بینک میں بیٹھا ہوا ہے اور IMF کا ملازم ہے، صرف اس کے کہنے پر یہ سب کچھ ہو رہا ہے یا کوئی research paper ہے؟ اگر کوئی research paper ہے اور اس کی کوئی بنیاد موجود ہے تو وہ پارلیمنٹ کے ساتھ share کی جائے۔

Mr. Chairman: Honourable Minister of State for Parliamentary Affairs.

جناب علی محمد خان: پشتو میں کہتے ہیں کہ (پشتو)۔

جناب چیئرمین: براہ مہربانی پشتو میں بات نہ کیا کریں۔جی۔

جناب علی محمد خان: میں تو مشتاق صاحب کو نہیں کہہ رہا، میں ایک general بات کر رہا ہوں۔ میں ان کو کہہ رہا ہوں جن کے ساتھ وہ اس وقت بیٹھے ہوئے ہیں، جنہوں نے پاکستان کو ڈبو دیا۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: جناب! سوال کا جواب دیں۔

علی محمد خان: ادھر ہی آتا ہوں۔ کیا کریں غالب چاچا کہتے تھے کہ دھول چہرے پر تھی اور آئینہ ملتا رہا۔ جب ان کو آئینہ دکھاتے ہیں تو ان کو تکلیف ہوتی ہے۔ جمعے کا دن ہے، صبر سے کام لیں میں بھی صبر سے کام لیتا ہوں۔ تھوڑے سے figures آپ کے سامنے رکھ دیتے ہیں، مشتاق صاحب فیصلہ خود کر لیں کہ کس نے پاکستان کے ساتھ یہ کیا۔ تسلی سے سنیں، میں ان کے سوال کا جواب دوں گا۔

جناب چیئرمین: جو انہوں نے پوچھا ہے اس کا جواب دیں۔

علی محمد خان: میں ان کے سوال کا صاف جواب دوں گا۔ انہوں نے پوچھا کہ روپے کی قدر میں جو کمی ہوئی ہے اس کے پیچھے کوئی think tank ہے، کوئی آپ نے اس پر working کی ہے کہ کیوں depreciate ہوا۔ اس کی وجوہات کیا ہیں؟ اس کے ساتھ ساتھ انہوں نے یہ پوچھا ہے کہ قرضہ جو بڑھا ہے اس پر جواب دیں۔ مجھے سب یاد ہے، تھوڑا سا میں جواب دیتا ہوں، آپ کیوں action لیتے ہیں۔ آپ action نہ لیا کریں، انہوں نے ہمارے ساتھ یہ کیا ہے۔ پیپلز پارٹی اور (ن) لیگ کو سلام ہے جو انہوں نے کارنامے انجام دیے ہیں۔

جناب والا! سب سے پہلے جواب، روپے کے بارے میں معزز مشتاق صاحب کا سوال ہے کہ روپے کی قدر میں 45% کمی ہوئی ہے کیوں ہوئی؟ اس کی بھی میں reason بتاتا ہوں لیکن تاریخ کی درستی کے لیے میں بتا دوں۔ جب پاکستان میں محترمہ کے آنے کے بعد جمہوریت بحال ہوئی، جب وہ وزیراعظم بنی، وہ دہائی جس میں میاں صاحب دو مرتبہ وزیراعظم بنے اور محترمہ شہید دو مرتبہ وزیراعظم بنی، ریکارڈ کی درستی کے لیے کوئی مجھے درست کرنا چاہے تو میں حاضر ہوں۔ سو فیصد روپے کی قدر میں کمی ہوئی۔ اس دور میں، پہلے دس سال میں، اس کے بعد جو دوسری 2008 سے 2018 تک سو فیصد پھر ڈالر کے مقابلے میں روپیہ کم ہوا۔ آپ کو مبارک ہو یہ کارنامہ آپ سرانجام دے چکے ہیں، ہمیں اللہ یہ توفیق نہ دے کہ سو فیصد کو touch کریں۔ 45% ہوئی ہے، اب میں بتاتا ہوں

کیوں ہوئی ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ دنیا میں ہر ملک کا روپیہ یا اس کی جو کرنسی ہے وہ اپنی اصل حالت میں کھڑی ہوتی ہے جو مضبوط economy ہے میں اس کی بات کر رہا ہوں، میں Banana Republic کی بات نہیں کر رہا۔ جناب والا! ہمارے مسلم لیگ (ن) کے دوست اپنی حکومت میں سٹیٹ بنک سے اپنے ڈالر اٹھا اٹھا کر پھینکتے تھے۔ Artificially maintain رکھتے تھے۔ 104 اور 105 پر رکھا میں accept کرتا ہوں لیکن کیسے رکھا؟ آپ نے اتنا ادھار لیا، اتنا ادھار لیا جب ہم 2018 میں حکومت میں آئے۔ Figures میں آپ کے سامنے رکھ رہا ہوں، فیصلہ آپ کر لیں۔ کسی بھی ملک کے لیے ضروری ہے کہ آپ کے پاس تین مہینے کے import bill کے لیے foreign reserves موجود ہوں۔ 2018 کی figure دے رہا ہوں اگر اس میں ایک روپیہ بھی اوپر نیچے ہے تو میرے ساتھ سوال کیا جا سکتا ہے۔ میں وزیر خزانہ کی طرف سے on record کہہ رہا ہوں۔ جون 2018 میں جب ان کی حکومت ختم ہوئی اور نئے الیکشن کی طرف ہم لوگ گئے ہیں آپ کا foreign exchange reserve نو ارب ڈالر سے ایک ٹیڈی پیسا زیادہ نہیں تھا۔ میرا سوال یہ ہے کہ آپ نے پانچ سال بہترین معیشت چلائی، مسلم لیگ (ن) کے دوستوں سے میں پوچھنا چاہ رہا ہوں، نو ارب ڈالر کے foreign reserves تھے جو آپ کے تین مہینے کے import bill سے کم تھا۔ کیوں ہوا؟ آپ تو پاکستان کو بڑا اوپر لے کر چلے گئے۔ اس وقت عمران خان صاحب کی حکومت میں جس کو آپ incompetent کہتے ہیں، آپ بڑے competent تھے آپ کے نو ارب ڈالر کے foreign exchange reserves تھے اس وقت انیس ارب ڈالر سے آگے بڑھ کر بیس ارب ڈالر کو touch کر رہا ہے۔ تین مہینے کا foreign exchange reserves اس وقت آپ کے پاس موجود ہے۔ یہ صرف تین سال کی کارکردگی ہے، آپ نے ہمیں پانچ سال میں نو ارب ڈالر تک پہنچایا ہے۔

جناب چیئرمین: وہ کہتے ہیں 45 ارب روپے پر جتنے قرضے بڑھ گئے ہیں وہ ہمیں بتائیں۔

علی محمد خان: ہم نے روپے کو artificially maintain نہیں رکھنا، ہم نے سٹیٹ بنک سے ادھار اٹھا اٹھا کر پیسے مارکیٹ میں نہیں پھینکنے۔

جناب چیئرمین: جناب! اس کا جواب دیں۔

جناب علی محمد خان: ہم نے free market base رکھا تاکہ جو روپے کی اصل value ہو وہ سامنے آئے۔ اب آپ کا روپیہ اصل worth پر کھڑا ہے۔ جیسے جیسے معیشت مضبوط ہو رہی ہے ویسے ویسے روپے کی قدر مستحکم ہو رہی ہے۔

جناب چیئرمین: جواب سن لیں وہ کیا کہہ رہے ہیں۔

علی محمد خان: ڈالر ریٹ کم ہوتا جائے گا۔ آپ نے قرضوں کا کہا، اب ہم قرضوں کی طرف آتے ہیں۔

(مداخلت)

علی محمد خان: آپ نے پوچھا قرضے کتنے بڑھے۔ مشتاق صاحب تھوڑا ٹھنڈا پانی پیا کریں۔ سوال کریں تو جواب سنا کریں۔ یہ ایسا سوال نہیں ہوتا کہ آپ مجھ سے پوچھیں کہ صبح کس وقت جاگے تھے۔ آپ نے پوچھا پاکستان کی حالت کیوں ہوئی تو میں کیوں نہ جواب دوں، میں کیوں نہ آپ کو decade of darkness کی بات بتاؤں کہ پاکستان کی تباہی کس نے کی۔

جناب چیئرمین: جناب! ابھی ان کے سوال کا جواب دیں۔ آپ نے کابینہ میٹنگ میں بھی جانا ہے۔

علی محمد خان: اس وقت پاکستان کا پورا قرضہ 21000 ارب تک جا چکا ہے۔ 41.5 اس کا breakdown کرکے میں آپ کو بتا دیتا ہوں کہ جو primary deficit ہے وہ 3.6 ارب ہے۔ reason of increase, 16.5 ارب کی increase ہوئی ہے اس کا breakdown میں آپ کو دے رہا ہوں کیونکہ جب حکومت میں آئے تھے اس وقت ہمارا کل قرضہ 26.4 ارب ڈالر تھا۔ اس وقت 41.5 ارب تک پہنچ چکا ہے۔ 16.5 ارب ڈالر increase break down آپ سن لیں۔ اس میں 3.6 ارب ڈالر primary deficit میں گیا ہے۔

جناب چیئرمین: علی محمد خان صاحب! ان کا سوال سن لیں اس کا جواب دیں۔

جناب علی محمد خان: یہ میں مکمل کر رہا ہوں آخری interest payment جو ہم debt پر کر رہے ہیں قرضوں پر جو interest دے رہے ہیں۔ آپ کا جو devaluation ہے 3.9 ارب جس کی آپ نے بات کی۔ ہم نے سٹیٹ بنک سے پیسے ادھار لینے کی بجائے کیونکہ ہم نے

تین سال میں ایک روپیہ نہیں لیا۔ ہم نے 0.9 ارب تقریباً ایک ہزار ارب کے قریب cash buffer arrange کیا ہے تاکہ ہمیں سٹیٹ بنک سے ادھار نہ لینا پڑے۔ یہ ہے آپ کے سوال کا جواب۔

جناب چیئرمین: علی محمد خان صاحب! ذرا مشتاق صاحب کو سننا پلیز۔

سینیٹر مشتاق احمد: ایک تو میری مودبانہ درخواست وزیر صاحب سے ہے کہ kindly specific رہیں اور مختصر جواب ہمیں دیں۔ میں نے یہ پوچھا تھا کہ مجھے کل قرضہ بتا دیں جو 45 فیصد چالیس ماہ میں آپ نے depreciation کی، کل قرضہ اس کی وجہ سے کتنا بڑھا۔ دوسرا یہ کہ رضا باقر کل اپنا بریف کیس اٹھا کر چلا جائے گا ہم بھگتیں گے، کوئی research paper ہے۔ مسلسل depreciation ہو رہی ہے اور چالیس ماہ میں 45 فیصد depreciation ہو گئی۔ کوئی research paper ہے تو پارلیمنٹ سے share کریں۔

جناب چیئرمین: جی علی محمد خان صاحب۔

علی محمد خان: جناب والا! جب یہ شور کر رہے تھے تو سوال کا جواب میں دے چکا ہوں۔ ان کا مسئلہ یہ ہے کہ سوال کر کے جواب نہیں سنتے، اگلے سوال کی تیاری کرتے ہیں۔ میں دوبارہ بتا دیتا ہوں کہ جب عمران خان صاحب کی حکومت آئی تو اس وقت پاکستان پر total قرضہ جو domestic debt تھا وہ تقریباً 26.4 ارب ڈالر تک پہنچ چکا تھا۔ اس وقت 41.5 ارب ڈالر ہے۔ اس میں جو increase ہوئی ہے وہ 16.5 ارب ڈالر ہے۔ اس کا breakdown میں آپ کو بتا دیتا ہوں، پہلے بھی میں بتا چکا ہوں۔ اس میں 3.6 ارب ڈالر Federal primary deficit ہے۔ 8.1 ارب ڈالر interest ہم دیتے ہیں جو آپ کے کرم فرما لے چکے تھے، ظاہر ہے انہوں نے جو قرض لیا ہے،

قرض کی پیتے تھے مے اور سمجھتے تھے کہ ہاں
رنگ لائی گی ہماری فاقہ مستی ایک دن

جب آپ نے قرضہ لیا ہے تو دینا تو پڑے گا۔ Exchange rate devaluation میں 3.9 ہزار ارب ہے۔ Cash buffer 0.9 ارب۔ آپ نے پوچھا کہ کیا اس پر کوئی research paper یا کوئی working ہے؟ جی ہاں اس پر working ہوئی ہے، ہم نے جو کام شروع کیا،

آپ کو مبارک ہو، (ن) لیگ کے آخری سال میں مفتاح صاحب خود شروع کر چکے تھے۔ چار سال ادھار لے لے کر اسحاق ڈار صاحب نے جو معیشت چلائی تھی جو روپے کو artificially maintain کیا تھا جو ہم نے پالیسی بنائی ہے روپے کو free market base کرنے کی ابتدا (ن) لیگ کے دور میں مفتاح صاحب کر چکے تھے۔ اسحاق ڈار کی پالیسی کو تبدیل کرکے وہ free market base کی طرف لے کر گئے تھے۔ ہم نے صرف یہ کیا ہے کہ primary deficit, fiscal discipline کو ہم نے بہتر کیا ہے۔ ہم نے یہ ensure کیا ہے اور یہ میں on record کہہ رہا ہوں کہ۔۔۔۔۔۔

جناب چیئرمین: وہ research paper share کرلیں۔ شکریہ۔ سینیٹر رانا مقبول صاحب۔

سینیٹر رانا مقبول احمد: جناب چیئرمین! بہت شکریہ، ہم سنتے آئے ہیں brevity is the soul of wit اختصار عقل کی روح ہے۔ میں اس کی پابندی کروں گا۔ وزیر صاحب سے آپ پابندی کروائیں۔ انہوں نے فرما دیا کہ نو بلین ڈالر foreign exchange reserves تھے، یہ سٹیٹ بنک کے figures چیک کریں، 16.3 billion تھے، ذرا چیک کرلیں پھر اس کے بعد آئیں۔ جو جرمانہ ہاؤس کر دے ہم اس کے لیے تیار ہیں لیکن پھر وزیر صاحب کو بھی جرمانہ کریں اور ان کو ادا کرنا پڑے گا۔ یہ جو devaluation ہوئی آپ کو یاد ہوگا ایک رات میں بارہ روپے devalue ہوا ڈالر کے مقابلے میں۔ وزیراعظم صاحب on record ہیں میڈیا کے ساتھ 'مجھے تو پتا ہی نہیں تھا یہ کیسے ہوا' کیا یہ مافیا کا کام تھا؟ کس کو guilty declare کیا گیا، facts کو determine کیسے کیا گیا. was some action taken or not یہ وزیر صاحب اگلی مرتبہ بتادیں۔ Devaluation کا مقصد ہوتا ہے jump in exports کیا اس وقت jump in exports ہوا یا exports مزید dump ہو گئیں۔ میرا یہ مختصر سا سوال ہے۔

جناب چیئرمین: وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور۔

علی محمد خان: اگر یہ سمجھ لیں تو مختصر ترین جواب یہ ہے کہ آپ نے کہا کہ کیا کسی مافیا کا کام ہے؟ نیچے کا تو مافیا ہو سکتا ہے حکومتی سطح پر مافیا اس لیے نہیں تھا کہ آپ کی حکومت نہیں تھی ایک تو اس کا یہ جواب ہے۔ دوسرا جو آپ نے exports کے بارے میں پوچھا تو میں آپ کی اطلاع کے لیے

بتادوں کہ وزیر خزانہ شوکت ترین صاحب is on record انہوں نے مختلف فورم پر یہ بات کہی ہے اور یہاں آ کر بھی بات کریں گے کہ مسلم لیگ (ن) کے دور میں جو highest possible exports per month, 2 billion dollars سے زیادہ نہیں تھی اس وقت ہمارے تین سالہ دور میں ایسے بھی مہینے آئے ہیں جس میں تین ارب ڈالر exports per month کے ٹارگٹ کو ہم نے touch کیا ہے۔ پچاس فیصد increase مسلم لیگ (ن) کے دور حکومت سے per month زیادہ ہے۔ میرے خیال میں آپ کو یہ سن کر خوشی ہوگی کہ جو بھی بڑھا رہا ہے۔ آپ کے ملک کی exports بڑھ رہیں ہیں تو آپ کو خوشی ہونی چاہیے۔

جناب چیئرمین: معزز سینیٹر عرفان الحق صدیقی صاحب، سپلیمنٹری۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: شکریہ، جناب چیئرمین! اگر مجھے اجازت دیں تو میں علی محمد خان صاحب کو خراج تحسین پیش کردوں؟ مجھے خوشی ہوتی ہے کہ وہ وکالت پر بھی دسترس رکھتے ہیں، انجینیئرنگ پر بھی دسترس رکھتے ہیں، معاشیات پر بھی رکھتے ہیں۔۔۔

جناب چیئرمین: ابھی سپلیمنٹری سوال کریں۔

سینیٹر عرفان الحق صدیقی: جناب والا! خراج تحسین بڑا ضروری ہے، اس لیے کہ انہوں نے بھاری بوجھ اٹھا رکھا ہے، وزارت خزانہ کے باریک امور پر بھی ہماری رہنمائی فرما سکتے ہیں، ان کا حق بنتا ہے کہ ان کی تحسین کی جائے۔

جناب والا! میں صرف یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہ کیا اسباب اور محرکات ہیں جن کی وجہ سے ہمارا روپیہ مسلسل گراوٹ کی طرف جارہا ہے، یہاں تک کہ افغانستان جو پچھلی نصف صدی سے جنگ میں مبتلا ہے اس کی currency بھی ہماری currency کی value سے دگنی ہوچکی ہے، وہ سبب اور اسباب کیا ہیں کہ ہم روپے کو نہیں تھام پا رہے ہیں، میں دوسری وضاحت یہ کرنا چاہ رہا ہوں، جس طرح رانا صاحب نے کہا، مسلم لیگ (ن) کے دور میں مجھے وہ دن، وہ ایام اور وہ وقت بتادیں جب روپیہ سو فیصد نیچے گرا تھا، بڑی عنایت ہوگی۔

جناب چیئرمین: جناب وزیر مملکت برائے پارلیمانی امور۔

علی محمد خان: محترم کی یاد داشت مجھ سے بہتر ہونی چاہیے، پہلے decade میں 100% گرا، آپ نے اور پیپلز پارٹی نے یہ کارنامہ انجام دیا اور دوسرے دس سالوں میں پھر یہ

کارنامہ انجام دیا۔ آپ نے پوچھا روپیہ کیوں گرا ہے؟ اس کے دو جوابات ہیں، اس میں سے ایک technical reason اور دوسرا political ہے۔ میں پہلے technical پر آتا ہوں جو زیادہ ضروری ہے، کیوں کہ استاد نے سوال کیا ہے، پہلے میں شکریہ بھی ادا کرتا ہوں، آپ نے تعریف کی حالانکہ میں اس کے قابل نہیں ہوں۔ جو international عوامل ہیں، روپے پر ایک pressure پڑا ہے جس سے آپ کی inflation بڑھی ہے، کیوں کہ international prices بڑھی ہیں اور inflation کا جو phenomena ہے، جیسے میں نے آپ کو پہلے بھی ایک سوال کے جواب میں عرض کیا کہ مختلف ممالک میں وہ جس طرح سے بڑھ رہا ہے جن میں سے میں نے آپ کو کچھ figures دیے بھی تھے، میں پانچ چھ سیکنڈز میں دوبارہ بتا دیتا ہوں، ایران میں 35.7%, Turkey میں 21.30% and Kyrgyzstan میں 12.3% ہے، ہمارا consumer price index 9.81% پر ہے لیکن انہوں نے بتایا کہ 12% ہے، اگر 12% کو بھی درست مان لیں تو پھر بھی ہماری ان سے 200% inflation کم ہے، چونکہ international prices کا issue یہاں پر آتا ہے، روپے کی devaluation کی ایک reason یہ ہے۔ دوسرا جب ہم نے اس کو free market کر دیا ہے ، عوام کے سمجھنے کے لیے ہے کہ State Bank سے پیسے ادھار لے کر، روپے کو artificially, مصنوعی طور پر maintain نہیں رکھا بلکہ جو روپے کی اصل worth ہے اس پر رکھا ہے تاکہ روپیہ آہستگی سے مضبوط ہو۔ آپ نے پوچھا کیا ہوگا، ان شاء اللہ بہتری ہوگی، کیوں کہ آپ کی economy مضبوط ہو رہی ہے۔ آپ بیس ارب کے Forex reserves کو touch کر گئے ہیں۔ اللہ تعالیٰ کے کرم سے exports تاریخی تعداد میں بڑھ رہی ہیں، production and export بڑھ رہی ہے۔ اس کی political reason یہ ہے، آپ نے کہا افغانستان میں بھی روپے کی قیمت، ان کی اپنی Afghani currency بڑھ رہی ہے، وہ اتنی کمزور نہیں ہوئی جتنی ہماری ہوئی ہے، آپ مجھے دنیا میں کوئی اور ملک بتا سکتے ہیں جہاں مسلم لیگ (ن) اور پیپلز پارٹی کی ایسی تاریخ ساز حکومتیں گزری ہوں۔۔۔

جناب چیئرمین: شکریہ۔

علی محمد خان: جہاں میاں صاحب اور زرداری صاحب کی حکومتیں گزر جائیں، شکر کریں روپیہ اپنی جگہ پر موجود ہے۔

جناب چیئرمین: معزز سینیٹر محسن عزیز صاحب تشریف نہیں لائے، سینیٹر مشتاق احمد صاحب۔

(Q No.31) *Question No. 31 Senator Mushtaq Ahmed: *Will the Minister for Industries and Production be pleased to state the name of the incumbent Chief Executive Officer of Pakistan Industrial Development Corporation indicating criteria and procedure of appointment adopted thereof?*

Makhdoom Khusro Bukhtiar: Mr. Rizwan Ahmed Bhatti has been appointed as the incumbent CEO-PIDC *vide* Notification dated 13-12-2019.

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جناب چیئرمین! یہ وہاں سے آ کر یہاں ہمارے معزز ممبر کے ساتھ بیٹھے ہوئے ہیں اور مجھے disturb کر رہے ہیں۔

جناب چیئرمین: حاجی صاحب! وقت کم ہے، جمعہ ہے۔

سینیٹر ہدایت اللہ خان: جناب چیئرمین! وقت کم ہے اور میں چاہتا ہوں کہ بات جلدی ختم ہو، مجھے disturb کر رہے ہیں اور ان کی seats خالی پڑی ہوئی ہیں۔ میں نے اس دن کہا تھا کہ یہ وزراء کبھی دوبارہ میرے سامنے نہیں آئیں گے، ابھی ان کی row خالی پڑی ہوئی ہے اور قائد ایوان بھی ادھر آئے ہوئے ہیں تو پھر ان کو ہمارے ساتھ گن لیں۔

جناب! میں یہ کہنا چاہتا ہوں کہ اعمال کا دارومدار انیتوں پر ہوتا ہے تو یہ براہ مہربانی اپنی نیت کو ٹھیک کریں۔ ملک چلتا ہے تو اس کو چلنے دیں، ایسا نہ ہو کہ آپ اس پر tax لگائیں، اس معاملے کا حل tax نہیں ہے۔ آپ نے پہلے ایک پراپرٹی کی -/70000 قیمت لگائی تھی تو آپ نے اب دو لاکھ کر دی ہے تو آپ یہ سمجھیں گے کہ آپ کو زیادہ tax ملے گا تو نہیں ملے گا پھر لوگ رجسٹریاں نہیں کریں گے اور انتقال نہیں کریں گے تو پھر وہ تو بند ہو گیا۔ آپ کسی سے بھی پوچھ لیں، میں ان کے notice میں لانا چاہتا ہوں کہ اس سے احتراز کریں، لوگوں کا جو کام چلتا ہے تو چلنے دیں، دل کو صاف رکھیں۔

جناب! میں دوسری بات یہ کہنا چاہتا ہوں اس کی مثال ایسی ہے کہ ایک ملک کا بادشاہ مر گیا تو اس ملک میں یہ رواج تھا کہ وہاں پر صبح سویرے جو آدمی دروازے پر پہنچ جاتا تو اس کو بادشاہ بناتے

تھے۔ ایک دن بادشاہ مر گیا اور لوگ صبح انتظار کر رہے تھے کہ کوئی آ جائے تو اس کو بادشاہ بنا دیں تو ایک مداری آیا اور اس کے ساتھ ریچھ بھی تھا، وہ ریچھ کا کرتب دکھانے کے لیے آیا تھا تو اس کو لوگوں نے پکڑ لیا کہ تم ہمارے بادشاہ ہو۔ اس نے کہا کہ میں کہاں سے بادشاہ ہوں کیونکہ بادشاہی بڑی بات ہے میں ایک عام غریب آدمی ہوں۔ انہوں نے کہا کہ نہیں، نہیں یہ ہمارا پہلے سے طے شدہ طریقہ ہے اور آپ اتنی باتیں نہ کریں۔ اس کو صاف ستھرے بادشاہ والے کپڑے پہنائے اور اس کے سر پر تاج رکھ دیا اور وہ تخت پر بیٹھ گیا اور بادشاہی شروع ہو گئی۔ دوسرے ملک کو پتا چلا کہ کوئی بے وقوف آدمی بادشاہ ہے تو انہوں نے حملہ کر دیا جب حملہ کیا تو لوگ بادشاہ کے پاس آئے کہ باہر سے حملہ ہو گیا ہے، اس نے کہا کہ آپ فکر نہ کریں اور آپ نے گھبرانا نہیں ہے۔

جناب! جب انہوں نے دوسرے شہر پر حملہ کر دیا تو پھر لوگ اس کے پاس آئے کہ دوسرا شہر بھی فتح ہو گیا ہے، وہ کہتا ہے کہ گھبرانا نہیں ہے، مجھے پتا ہے اور مجھے معلوم ہے کہ میں نے کیا کرنا ہے۔ اس کے بعد تیسرا، چوتھا شہر بھی فتح ہو گیا اور یہاں تک ہوا کہ وہ محل کے دروازے تک پہنچ گئے تو لوگوں نے کہا کہ وہ شہر کے محل تک پہنچ گئے ہیں تو اس نے کہا کہ محل تک پہنچ گئے ہیں تو کہا ہاں جی لوگ پہنچ گئے ہیں۔ اس نے کہا کہ میرا ریچھ لے آؤ، وہ ریچھ لے آئے تو اس نے پرانے کپڑے پہنے اور اس نے کہا کہ تم اپنی بادشاہی کو سنبھالو، میں بادشاہی کے قابل نہیں ہوں۔ ایوان میں جو Ayes والے لوگ خفا ہوں گے، یہ لندن چلے جائیں گے اور عوام کو تباہی کے دہانے پر چھوڑ دیں گے۔

جناب! میں نے اس حوالے سے بہت ضروری بات کرنی ہے، وہ یہ ہے کہ حکومت نے جو وعدے کیے تھے، انہوں نے وہ پورے کر دیے ہیں، حکومت نہیں بلکہ عمران خان صاحب نے وعدے کیے تھے تو وہ انہوں نے پورے کر دیے ہیں۔ انہوں نے وعدہ کیا تھا کہ اس ملک میں سونامی آئے گا تو سونامی تباہی اور بربادی ہے، مہنگائی، بے روزگاری، بدامنی، بجلی کی لوڈشیڈنگ اور سوئی گیس کی شکل میں آج کل سونامی بڑا تیزی سے چل رہا ہے تو اس نے یہ وعدہ پورا کر دیا۔ انہوں نے دوسرا وعدہ یہ کیا تھا کہ ان سب کو رولاؤں گا تو ان سب کو رولا دیا اور آپ کیا چاہتے ہو، آپ سے کونسا وعدہ کیا ہے، رولانے کا وعدہ کیا ہے۔ آج کل سب رو رہے ہیں، ڈاکٹرز صاحبان، وکلا اور، اساتذہ کرام رو رہے ہیں اور عدالتوں کے لوگ رو رہے ہیں، سرکاری لوگ رو رہے ہیں اور عوام رو رہے ہیں۔ اس کے علاوہ

جتنی بھی تاجر برادری ہے، وہ سب رو رہے ہیں تو انہوں نے اپنے وعدے پورے کر دیے تو کن وعدوں کے انتظار میں ہیں کہ وہ پورے کریں گے تو پھر آپ ان کو vote دیتے ہیں۔

جناب! میں یہ بات کہنا چاہتا ہوں اور صاحب اقتدار لوگوں کے notice میں لانا چاہتا ہوں کہ خدا کے لیے اس ملک پر رحم کرو۔ میرے ساتھیوں نے جس طرح State Bank of Pakistan کا ذکر کیا، میں ان کو متنبہ کرنا چاہتا ہوں کہ اگر آپ نے State Bank of Pakistan کو IMF کے حوالے کیا۔ آپ کو جس طرح معلوم ہے اور تاریخ گواہ ہے کہ اس وقت سلطنت عثمانیہ بہت بڑی ریاست تھی، وہ افریقہ سے لے کر جنوبی ہندوستان تک اور افغانستان تک پھیلی ہوئی تھی تو اس نے کیا غلطی کی کہ اس نے State Bank کو ان کے حوالے کیا اور اس کے ٹکڑے ٹکڑے ہو گئے اور ان کی تمام ریاستیں ختم ہو گئیں۔ ہمارا Governor of State Bank کہتا ہے کہ مجھے Egypt سے لایا گیا ہے تو یہ Egypt نہیں ہے، ہم ان کو متنبہ کرنا چاہتے ہیں کہ خدا کے لیے اس ملک سے نکل جاؤ۔ آپ نے جو کرنا تھا، وہ کر دیا، لوگ اس کا پانچ سال خمیازہ بھگتیں گے لیکن وہ کم از کم ابھی نکل جائے تو میرے اس ملک اور قوم کے لئے بہتر ہو گا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ ہمیں عادل اور دیانتدار لوگ عطا فرمائے تاکہ لوگوں کا آنے والا وقت کم از کم سدھر جائے۔ وآخر دعوانا ان الحمد للہ رب العالمین۔

Mr. Chairman: Thank you sir. Honourable Senator Rana Maqbool Ahmad Sahib.

Senator Rana Maqbool Ahmad

سینیٹر رانا مقبول احمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم (تلاوت)۔ جناب چیئرمین! آپ کا شکریہ۔ جناب! مختصر بات ہو گی اور ہم وزیر خزانہ کو خوش آمدید کہتے ہیں کہ وہ ابھی تازہ نیا black warrant لے کر آ گئے ہیں، آپ اس black warrant کے نتائج دیکھیں گے کہ کیا ہو گا۔ ابھی سینیٹر ہدایت اللہ صاحب نے فرمایا کہ Ottoman Empire کس طرح destroy ہوئی تھی، اس طرح کی policies کی وجہ سے ہوئی تھی۔ یہ اس کا replica ہے جب آپ نے اپنا سارا کچھ IMF کے سپرد کر دیا تو کیا حال ہو گا، کہتے ہیں کہ (فارسی) قوم کو بیچا ہے لیکن کتنا سستا بیچ دیا ہے۔ اس لیے میں سمجھتا ہوں کہ اب ہماری مدد خدا کرے گا، آپ کو یاد ہو گا کہ وزیر خزانہ پچھلے بجٹ سے چند روز پہلے وزیر خزانہ بنے تھے، اس سے ایک ہفتہ یا دس دن پہلے ان کا ایک بیان چھپا تھا اور انہوں

نے کہا کہ ملکی معیشت کا بیڑا غرق کر دیا گیا ہے، اب یہ قابل اصلاح نہیں ہے۔ وہ جب دس دن بعد وزیر خزانہ بنے تو ان کو چار اور پانچ دنوں کے بعد یہ کشف ہوا کہ معیشت بہت بہتر ہو گئی ہے۔ یہ پہلے 1.2% پر تھی، اب اچانک شرح نمو 4% پر پہنچ گئی ہے تو یہ حیران کن بات تھی۔

جناب! مجھے وہ بات یاد آ گئی ہے کہ جب پچھلے زمانوں میں لیکن کو لیک کہا جاتا تھا جو جو حکومتیں بدلتے تھے تو ساتھ ساتھ چلتے رہتے تھے تو وزیر خزانہ صاحب نے بھی بہت ساری حکومتوں کے ساتھ کام کیا ہے اور سبھی کی تعریف و توثیق بھی کی ہے۔ میر نے کہا کہ:

فقہی شہر نے قبلہ بدلا لیک خطبے کی وہی روانی

تو خطبہ اسی طرح جاری و ساری ہے۔ اب آپ اندازہ کر سکتے ہیں کہ اس death warrant کے نتیجے میں ہمارے بچوں کا کیا حال ہو گا، ان کا دودھ بند کر دیا ہے، ماؤں کے لعل دودھ کے قطرے کے لیے تڑپتے ہیں۔ بوڑھے دوائی نہ ہونے کی وجہ سے موت کا شکار ہوتے جا رہے ہیں۔ یہ budget of infanticide ہے، یہ بچوں کے قتال کا بجٹ ہے، بوڑھوں کے قتال کا بجٹ ہے۔ خدا کے لیے کوئی ہوش کے ناخن لیں۔ آپ ہمیشہ میاں نواز شریف صاحب کو criticise تو کرتے ہیں لیکن آپ میں وہ ہمت ہو تو شاید یہ صورت حال پیدا نہ ہو۔ آپ کو یاد ہو گا کہ مشاہد صاحب! آپ کے کہنے پر جب detonations ہوئیں، آپ نے ان سے کہا تھا اور ان کو inspire کیا تھا کہ کڑاکے کڈھ دیو اور بم کو explode کرو۔ جب پانچ دھماکوں کے مقابلے میں چھ دھماکے کیے گئے تو صورت حال بدلی۔ اس کے لیے کیا offers کی گئیں، Clinton نے براہ راست کیں، 5 billion dollars تھے، ہر طرح کا pressure آیا لیکن اس وقت کے لیڈر میاں نواز شریف نے کہا کہ نہیں، میں اپنی قوم کو جواب دہ ہوں، میں یہ نہیں مانوں گا، انہوں نے انکار کیا۔ اس ملک کو ایک atomic capability دی، ایک defence impregnability دی۔ یہی وجہ ہے کہ ہم اب زندہ ہیں ورنہ ہمیں ہندوستان استری کر دیتا، بڑے leaders کی یہ contribution ہوتی ہے۔ بڑے leaders یہ نہیں ہوتے کہ ہر در پر جھکیں، بڑھک ضرور لگائیں اور جھکتے جائیں اور ہر چیز کو compromise کرتے جائیں اور یہ نامناسب رویہ ہے۔ آپ کو پتا ہی ہے کہ غریبوں کے کیا حالات ہوتے جا رہے ہیں۔ ہمارے وزیر اطلاعات کا پنڈ دادن خان area ہے اور پنڈ دادن خان میں کیا ہوا؟ ایک ماں نے غربت کی وجہ سے اپنی تین بیٹیوں کو قتل کر دیا۔ اس نے اپنے

آپ کو بھی قتل کرنے کی کوشش کی لیکن وہ کامیاب نہ ہو سکی۔ یہ کیا indicate کرتا ہے۔ ایک ہزار بچے جو پیدا ہوتے ہیں، ان میں سے 137 بچے malnutrition کی وجہ سے، دودھ اور خوراک کے نہ ملنے کی وجہ سے فوت ہو جاتے ہیں، یہ ہماری tragic situation ہے، اس لیے مہربانی کرکے بجٹ والی بات پر دوبارہ غور کرنا چاہیے۔ کبھی بھی اس بارے میں نہیں سوچنا چاہیے۔ اس بجٹ کا واپس ہونا ضروری ہے، اس mini budget کو کسی صورت pass نہیں ہونا چاہیے۔ یہ قوم کی غیرت، عزت اور ہوش مندی کا سوال ہے، اگر ہم نے اس بجٹ کو پاس کیا تو یہ جرم ہمیشہ ہمارے ذمے رہے گا۔ یہاں بھی اپنی قوم اور اپنے ضمیر کے سامنے جواب دہ ہوں گے اور اپنے اللہ کے سامنے بھی جواب دہ ہوں گے۔ خدا کے لیے ان lobbies کے سامنے surrender نہ کریں۔ کوئی آپ کو کھا نہیں جائے گا، دراصل وہ آپ کی بات کو مانتے ہی نہیں ہیں۔ سعودی عرب نے 1998 میں دو سالوں کے لئے تیل مفت دیا تھا۔ وہ آپ کو کوئی چیز مفت دینے کے لیے تیار ہی نہیں ہیں۔ اگر وہ آپ کو تین بلین ڈالرز دیتے ہیں تو اس پر سود لگا دیتے ہیں۔ آپ کی کوئی خارجہ پالیسی ہے؟ چین کوئی آپ کا کہا مانتا ہے؟ آپ کن بھکاریوں سے جا کر بھیک مانگ رہے ہیں اور اس کے repercussion کتنے خطرناک ہیں، ہمیں یہ realize کرنا چاہیے اور اس کے نتائج آپ دیکھیں گے کہ کیا نکلتے ہیں۔

جناب چیئرمین: جی جناب۔

سینیٹر رانا مقبول احمد: جناب میں بس ختم کرنے والا ہوں، آپ کو تو معلوم ہے کہ میں ذرا brief سی بات کرتا ہوں۔ ہم ہر روز ریاست مدینہ کی بات کرتے ہیں۔ اللہ معاف فرمائے، وہ ہماری intentions کو بھی اور ہمارے اعمال کو بھی دیکھ رہا ہے۔ ہم جو کر رہے ہیں یہ ریاست مدینہ والا عمل تو نہیں ہے۔ کہیں یہ تو نہیں ہے کہ ہم نام تو مصطفیٰ ﷺ کا لیتے ہیں لیکن کام ابولہب جیسے کرتے ہیں۔ وہ کیا کہا تھا کسی نے کہ:

کسے خبر ہے کہ لے کے چراغ مصطفوی
جہاں میں آگ لگاتی پھرے کی ابولہبی

اس لیے مہربانی فرما کر اپنے تمام اعمال پر غور کریں۔ صادق اور امین بننے کا تو بڑا شوق ہے لیکن صادق اور امین real sense میں بننا چاہیے۔ جو صادق و امین بنانے والے ہیں کیا وہ بھی صادق و امین

ہیں۔ یہ جو صفت اور character ہے یہ نبی کریم ﷺ دنیا کی سب سے بڑی ہستی کا character ہے۔ میں ایوان سے کہوں گا، رضا ربانی صاحب اور باقی ساتھیوں سے بھی کہوں گا کہ ہمیں اس کی amendment کے لیے House میں move کرنا چاہیے۔ Constitution کی یہ provision, this has not been concomitant with the spirit of real ethics of law. اس لیے میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ خدا کے لیے آپ ریاست مدینہ کا نام لینا بند کر دیں۔ ریاست مدینہ ایسی نہیں ہوتی۔

کل ہماری سینیٹر پلوشہ محمد زئی خان صاحبہ کو میں ٹیلیوژن پر سن رہا تھا، انہوں نے ایسی بات کر دی کہ کیا ان لوگوں کے پیسوں سے ریاست مدینہ بنے گی جن کے اعمال اور تاریخ کو آپ جانتے ہیں۔ میں انہیں salute کرتا ہوں۔ یہ اتنی بہادر خاتون ہیں کہ وہ سارے لوگ چپ کر گئے۔ کیا آپ ان سے پیسے لے کر ریاست مدینہ بنائیں گے۔ آپ کو پتا ہے کہ انہوں نے کن کا نام لیا ہے اس لیے مہربانی کرکے اپنے اعمال کو ضرور درست کریں۔ میں ایک مثال دے کر اپنی بات کو ختم کروں گا۔

جناب چیئرمین: ایک اور مثال؟

سینیٹر رانا مقبول احمد: یہ باتیں ذرا تھوڑی سی مختلف ہیں۔ آپ دیکھتے ہیں کہ ہمارا craft, competence اور قابلیت کیا ہے۔ ہم نے اس سال کے شروع میں LNG چار ڈالر فی یونٹ خریدنی تھی۔ سب لوگوں نے شور مچایا، اخباروں نے editorial لکھے لیکن انہوں نے نہیں کیا۔ اب اکتوبر، نومبر میں آ کر 30.5 ڈالر پر وہ خریدی ہے۔ کیا کسی مافیا کی خدمت ہو رہی ہے۔ کسی ساتھیوں کی خدمت ہو رہی ہے یا incompetence کی انتہا ہے کہ آپ نے billions of dollars اس غریب قوم پر ڈال دیے ہیں۔ ابھی علی محمد خان پٹرولیم کی بات کر رہے تھے۔ آپ اندازہ کریں کہ یہ اوگرا والے ہماری meetings میں بھی آتے ہیں، میں نے چیئرمین اوگرا سے پوچھا کہ یہ بتائیں کہ آپ نے یک دم نو روپے فی لیٹر بڑھا دیا ہے، یہ کس حساب سے کیا ہے؟ آپ نے اس کے نو روپے تو pay ہی نہیں کیے ہیں۔ یہ تو آپ اس stock میں سے بیچ رہے ہیں جو stock آپ کے پاس پڑا ہوا ہے تو آپ کیسے نو روپے لے سکتے ہیں۔ آپ کو پتا ہے کہ آپ قوم کے ساتھ کیا زیادتی کر رہے ہیں اور اس کا کتنا بڑا massive and negative effect ہو گا اور economic sector کا کیا حال ہو گا۔ آگے دیکھیں کہ ابھی LNG کا issue چل ہی رہا تھا کہ

furnace oil بھی منگوالیا۔ انہیں پتا ہونا چاہیے کہ furnace oil سے بجلی بنانے میں LNG کی نسبت تین سے چار گنا زیادہ خرچہ ہوتا ہے۔ جب یہ craft اور قابلیت ہی نہیں ہے تو ذرا اپنے آپ پر غور کریں۔ کوشش کریں کہ قوم کو نجات دے دیں۔ چھٹکارہ لیں اور اپنے اپنے گھروں کو چلے جائیں۔ یہ کام چلنے والا نہیں ہے۔

علامہ کی ایک بات سے میں اپنی بات ختم کروں گا کہ ہمارا servitude and slaved behaviour کا جو عمل ہے، جو کمزور لوگ ہوتے ہیں وہ بڑ کیں بہت مارتے ہوتے ہیں۔ جیسا میں نے پہلے کہا کہ قومیں فروختیں، ارزاں فروختیں، کتنی سستی تو علامہ نے کہا تھا کہ:

بھروسا کر نہیں سکتے غلاموں کی بصیرت پر
دنیا میں فقط مردان حر کی آنکھ ہے بینا

صرف دلیر لوگ future میں دیکھ سکتے ہیں، جیسا کہ میں نے 1998 میں ایک دلیر کی بات کی ہے۔ وہ دیکھ سکتے ہیں لیکن بڑ کیں مارنے والے نہیں دیکھ سکتے ہیں۔ یہ حقیقت سب کے سامنے ہے، اسے پڑھنا بھی چاہیے اور دیکھنا بھی چاہیے۔ بہت بہت شکریہ۔

جناب چیئرمین: ہمارے پاس یہاں Chairman Box میں رحیم مینگل صاحب، ان کے بیٹے یعقوب مینگل صاحب اور محمد صاحب، یہ دبئی based ہیں، ویسے ان کا تعلق چاغی سے ہے اور وہاں پر business کرتے ہیں۔ آپ کو ایوان میں خوش آمدید کہتے ہیں۔ سینیٹر اعجاز احمد چوہدری صاحب۔

Senator Ejaz Ahmad Chaudhary

سینیٹر اعجاز احمد چوہدری: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! میں بڑی دل گیری کے ساتھ ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔ میرے دائیں جانب سے جتنے بھی احباب خطاب فرما چکے ہیں، الاماشاء اللہ ایک آدھ کو چھوڑ کر سب حکومتوں کے دہائیوں کے اعتبار سے نمائندے ہیں اور دہائیوں کے اعتبار سے وہ غلامی کی زنجیریں پہنے ہوئے ہیں۔ دہائیوں کے اعتبار سے پاہ بزنجیر ہیں، پاہ بجولہ ہیں اور مجھے سمجھ نہیں آتی کہ دل، گردہ اور وہ احساس کہاں سے لے آتے ہیں کہ وہ ان ساڑھے تین سالوں پر یہ تنقید کر سکیں، یہ بڑے دھن جگرے کا کام ہے کہ آپ گھٹنوں گھٹنوں اسی گناہ کے اندر دھنسے ہوئے ہوں اور آپ اسی پر تقریر فرما رہے ہوں۔ بلا شبہ مردان حر جو ہیں ان کی تدبیر درحقیقت

انسانیت کے لیے ضروری ہوتی ہے لیکن لیڈر کی definition ذرا سمجھ لیں۔ جس طرح کے بھی مشکل ترین حالات ہوں، جاں بلب ہو، سانس نکل رہا ہو، وہ اپنے لوگوں کو چھوڑ کر نہیں جاتا ہے۔ وہ اس ملک کے اندر سربراہی کے مراتب کے اوپر اپنی زندگی کے ماہ و سال گزارنے کے بعد وہ اس ملک کو اس قابل نہ سمجھے کہ اگر اسے کوئی تکلیف پہنچی ہے تو یہاں کے کسی ہسپتال میں چلا جائے۔ میں اپنے پورے نظام انصاف کو challenge کرنا چاہتا ہوں کہ کیا کسی غریب آدمی کو، فقیر آدمی کو یا میرے جیسے آدمی کو کہ جس نے مہینوں کے اعتبار سے جیل کاٹی ہو، اس نے اپنی آنکھوں سے مشاہدہ کیا ہو کہ کیا کسی غریب کو تکلیف ہو جائے، اس کو دل کے دورے پڑ جائیں، کتنی مرتبہ اسے شہر کے بہترین ہسپتال میں لایا جاتا ہے۔ کیا کبھی ایسا بھی ہوا ہے کہ قیدیوں کے باپ اور مائیں مر جاتی ہیں، ان کے بچے مر جاتے ہیں، اس نظام کے اندر انہیں دو گھنٹے کے لیے جنازے میں شرکت کی اجازت نہیں ملتی ہے۔ آپ کیا بات کرتے ہیں۔ آپ نے رعائتیں حاصل کیں۔ پاکستان کی Apex Court نے آپ کو ایک نہیں دو مرتبہ سزا دی۔ پہلے اس نظام کو ختم کیجیے، جب وہ عدالتی نظام آپ کو کوئی relief دے دے تو واہ واہ، اور جب وہ relief نہ دے تو نا نا۔ اس نے relief دیا، آپ نے کہا آٹھ ہفتے میں واپس آ جاؤں گا اور ہم نے کہا کہ یہ پیسے کے پجاری ہیں، سات ارب روپے کے ان سے سٹام لکھواؤ۔ لیڈروں کی definition جاننا چاہتے ہیں نا؟ انہوں نے کہا نہیں، ان کا بھائی بڑا ذمہ دار آدمی ہے، پچاس روپے کے اسٹامپ پیپر پر انہیں جانے دو۔ یہ لیڈر ہوتے ہیں۔ یہاں بھوک سے تو قوم مر رہی ہے۔ میں صرف حقائق بتا رہا ہوں، لیڈر کے حقائق بتا رہا ہوں، آپ کو یہ تو سمجھ آ گئی کہ پانچ دھماکے کر دیے، یہ سمجھ نہیں آپ کو کہ آپ کے 84 فیصد پاکستانی چاہتے ہیں کہ امریکہ کے یہاں پر قدم نہ آئیں، 'absolutely not' آپ کو سمجھ نہیں آیا۔ یہ لیڈر ہوتا ہے۔ اس کے علاوہ میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ حضرت امجد اسلام امجد نے کہا تھا کہ:

یہ جو وقت ہے میرے شہر پر
کئی موسموں سے رکا ہوا
اسے اذن دے کہ سفر کرے
کوئی گرد باد اٹھے کہیں
کسی زلزلے کی نمود ہو

یہ جو ہست ہے میرے شہر میں
کوئی معجزہ کہ یہ بود ہو

اس ملک کے اندر تہہ و بالا کرنے کے لیے ایک سونامی کی ضرورت ہے ورنہ ممکن نہیں ہے کہ آپ پولے پولے پیروں کے نتیجے میں یہاں پر آ کر انصاف کا کوئی نظام قائم کر سکیں۔ ان ایوانوں میں ہم آ جاتے ہیں، مجھے میڈم شیری کی بات بہت اچھی لگی، انہوں نے کہا کہ وہاں پر درمیانے طبقے کے لوگ بھیک مانگ رہے ہیں۔ آیئے آج یہاں پر ہم ایک resolve کرتے ہیں کہ ہم اس وقت تک درمیانے درجے کے تمام benefits لیں گے، اپنی سینیٹ کی تنخواہ اور مراعات نہیں لیں گے جب تک عام آدمی کی زندگی میں بہتری نہیں آ جاتی۔ یہ باتیں صرف تقریر کے اندر کرنے والی ہیں۔

اس کے بعد میں عرض کرتا ہوں، میں نے جتنا تھوڑا بہت اپنی زندگی میں مطالعہ کیا ہے، یاد رکھیے آپ عمران خان پر تنقید کرنے کے لیے ریاستِ مدینہ کی تضحیک کرتے ہیں۔ یاد رکھ لیں، علما یہاں پر بیٹھے ہیں، ان سے یہ معلوم کر لیں کہ ریاستِ مدینہ کا تذکرہ کرنا کارِ ثواب اور کارِ نجات ہے۔ ریاستِ مدینہ کے لیے جدوجہد کرنا کارِ ثواب اور کارِ نجات ہے۔ اگر اس کی طرف ایک قدم بھی بڑھ جائے، سرکارِ مدینہ کی طرف، سبز گنبد والے کی طرف تو دنیا اور آخرت دونوں کی بھلائی ہے۔ جب تنقید کریں تو ذرا سوچ لیا کریں کہ آپ کیا تنقید کرنے جا رہے ہیں۔ میڈم زبیری چلی گئی ہیں، سن لیں:

میں تو اس صبحِ درخشاں کو تو نگر جانوں
جو میرے شہر سے کشکولِ گدائی لے لے

میں تو اس دن کا انتظار کر رہا ہوں کہ کب کشکولِ گدائی ٹوٹے گا، میں اس کا انتظار کر رہا ہوں۔ انہوں نے برازیل کا ذکر کیا، کیا یہ ایوان قرارداد پاس کرتا ہے، کیا کشکولِ گدائی توڑنے کے لیے تیار ہیں۔ میڈم زبیری تشریف لے گئی ہیں، انہوں نے فرمایا کہ برازیل نے کہا کہ enough is enough. کیا پاکستان کے اقتدار کے ایوانوں میں، جو تھے اور ہیں، کیا یہ اس بات پر تیار ہیں کہ کشکولِ گدائی توڑ دیں۔ آپ اگر آئی۔ایم۔ایف کے بائیس پروگرام لیں، نو پیپلز پارٹی لے، چار مسلم لیگ لے، باقی جو بچتے ہیں وہ ہمارے dictators لیں جن کے ساتھ مشتاق بھائی بھی بیٹھے رہے ہیں، اس لیے میں آپ سے عرض کرتا ہوں:

اتنی نہ بڑھا پاکیٔ داماں کی حکایت
دامن کو ذرا دیکھ، ذرا بندِ قبا دیکھ

اپنے ماضی کے اندر تو ذرا جھانک لیا کریں۔ قومی اسمبلی کے اندر مسلم لیگ (ن) کی ایک رکن اسمبلی نے وزیرِ خزانہ سے سوال کیا کہ تحریکِ انصاف کے ساڑھے تین سالوں میں کتنا قرضہ لیا۔ جواب آیا 38.864 بلین۔ کتنا واپس کیا، ان کا لیا ہوا، سود سمیت؟ جواب آیا 29.857 بلین۔ باقی کیا بچا؟ باقی 8.042 بلین بچا۔ پہلے آئینے میں اپنا چہرہ تو دیکھ لیں کہ کتنا بھیانک ہے۔ آپ کے لیے ہوئے قرضے تو واپس کر رہے ہیں۔ انہوں نے پانچ سال حکومت کی اور ساڑھے چار بلین ہر سال قرض لیا اور تحریکِ انصاف کی حکومت نے اڑھائی بلین قرض لیا۔ یہ جھوٹ نہیں ہے۔ انہوں نے کہا کہ جھوٹ ہے، اگر قومی اسمبلی میں سوال کے جواب میں یہ نہ دیا گیا ہو تو میں اس ایوان کو چھوڑ جاؤں گا۔ یہ قومی اسمبلی میں وزیرِ خزانہ کا جواب ہے ورنہ پھر مجھے جھوٹا کہنے والے ایوان چھوڑیں گے۔ میں آج یہاں پر challenge کر رہا ہوں۔

(اس موقع پر جناب ڈپٹی چیئرمین نے کرسیٔ صدارت سنبھالی)

سینیٹر اعجاز احمد چوہدری: اس کے بعد میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ مجھے بتایئے کہ 1958 کے بعد اکسٹھ برس ہو گئے، آئی۔ایم۔ایف کے پروگرام کے اوپر چلتے ہوئے۔ محسن عزیز موجود نہیں بلکہ ایک اور محسن نے کہا تھا:

محسن برے دنوں میں نیا دوست کون ہو
ہے جس کا پہلا قرض، اسی سے سوال کر

میں پوچھتا ہوں کہ کہاں جائیں؟ اگر آپ یہ سارا کام کرتے رہے اور مجھے کہتے ہیں کہ کہیں اور جاؤ۔ اسی کے پاس جانا ہوگا۔ آپ لوگوں نے ایک ہزار ڈالر سالانہ یہاں سے stash کیا ہے۔ ہم تو زندوں کو نہیں پکڑ سکے، آپ مردوں کو پکڑنے کے لیے کہہ رہے ہیں۔ پہلے تو انہیں لا کر پکڑواؤ۔ عدالت میں جائیں، پہلے آ کر جیل جائیں، اس کے بعد بات کریں گے۔ اصل میں ضرورت اس بات کی ہے:

یہ قرض تو میرا ہے، چکائے گا کوئی اور
دکھ مجھ کو اور نیر بہائے گا کوئی اور

یہاں صرف دکھ درد کا اظہار کرنے والے بیٹھے ہیں جبکہ روئیں گی ہماری نسلیں۔ جو لیڈر کی یہ بات کہہ رہے تھے، ہم یہ جو پروگرام کر رہے ہیں، یہ مجبوری کے تحت کر رہے ہیں۔ یہ ایوان، میڈم زبیری ان ہی کی طرف سے ہیں، ان کی کہی ہوئی بات کو مان لیں، میں ان کے ساتھ جاؤں گا، ہر جگہ پر ان کے ساتھ اس بات کے لیے جاؤں گا جو برازیل نے کیا، یا پھر یہ آپ کو سوچ سمجھ کر کہنا چاہیے۔ اگر تو آپ نے کوئی اور راستہ اختیار کیا ہو تو میں کہوں کہ جناب! آپ بالکل درست فرما رہے ہیں۔ اگر راستہ ہی یہی ہے تو پھر اس کے ساتھ انصاف کریں، بے انصافی نہ کریں۔ تاریخ کے اندر آپ کا ہر لفظ لکھا جائے گا۔ خدارا! اس قوم کے حال پر رحم کریں۔ آپ کو میرے ان بہنوں اور بھائیوں نے کبھی یہ کہا ہے کہ دنیا کے اندر اللہ کی طرف سے ایک آزمائش ہے کورونا کی بیماری، COVID کی شکل میں، ہم نے اس کے ساتھ fight out کیا ہے۔ اس کے باوجود ہماری exports بڑھی ہیں، ان سے زیادہ ہیں۔ ہمارے ملک کی remittances زیادہ ہیں، ان سے بڑھی ہیں۔ آپ مجھے بتائیں کہ ہم نے جب یہ historical dividend دیا ہے، کاروباریوں کو یہ پتا ہے کہ سب سے زیادہ dividend گزشتہ 2021 میں حاصل ہوا ہے۔ گیارہ ہزار ارب روپے agriculture کی معیشت میں ہوئے ہیں۔

ایک بات تشنہ رہ گئی تھی، وہ بھی سن لیں۔ بہت فکر ہے، روپیہ روپیہ کر رہے ہیں۔ وہ بھی مفرور ہیں، اس ایوان کے خدانخواستہ ممبر بھی مفرور ہیں۔ وزیراعظم کے جہاز میں بیٹھ کر یہاں سے بھاگے تھے۔ جناب اسحاق ڈار نے آخری تین سالوں کے اندر جو کمرشل قرضے لیے تھے، کیوں لیے تھے؟ دو وجوہات تھیں۔ میری بات کو آپ اسی طرح rebut کریں جس طرح میں کہہ رہا ہوں۔ دو وجوہات تھیں۔ مصنوعی طور پر لاکر flood کرتے تھے، قرضہ اٹھایا، مارکیٹ میں ڈالرز flood کیے۔ دو وجوہات تاکہ روپے کی قدر مصنوعی طور پر نیچے دبا کر رکھی جائے۔ پاکستان کے تمام independent economists نے اس پر تبصرے کیے ہیں۔ دوسرا، ایک ہزار ڈالر کی اس ملک سے منی لانڈرنگ کس نے کی؟ آلو والا، فالودے والا، چنے والا، ربڑی والا، یہ سارے بھاگ گئے۔ یہاں سے بھاگ بھی گئے۔ آپ آکر میدان میں کھڑے ہوں، آکر بتائیں۔ جب آپ یہاں موجود ہی نہیں تو چوری بھی کریں اور سینہ زوری بھی کریں۔ شکریہ۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ، سینیٹر مولانا فیض محمد صاحب۔

Senator Molvi Faiz Muhammad

سینیٹر مولوی فیض محمد: نَحمَدُہٗ وَ نُصَلِّی عَلٰی رَسُولِہِ الکَرِیمِ اَمَّا بَعدُ۔ فَاَعُوذُ بِاللہِ مِنَ الشَّیطٰنِ الرَّجِیمِ۔ بِسمِ اللہِ الرَّحمٰنِ الرَّحِیمِ۔ اما بعد۔ جناب چیئرمین! mini budget پر بحث ہو رہی ہے، اس کے متعلق ہر طرف سے باتیں ہو رہی ہیں، اردو کا ایک مقولہ ہے کہ 'بڑے میاں تو بڑے میاں چھوٹے میاں سبحان اللہ'۔ بڑا بجٹ تو اپنی جگہ پر ہے، اس mini budget, چھوٹے میاں نے بھی ہمیں پریشان کیا ہوا ہے۔ اس میں 373 ارب روپے کا بوجھ ڈالا گیا ہے تو کیا یہ غریبوں پر ظلم نہیں ہے؟ میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جو funds ملتے ہیں، حکومت کے اپنے مشیر ہیں جبکہ سینیٹر، ایم پی اے حضرات کو تھوڑے funds ملتے ہیں اور ان مشیروں کو زیادہ دیے جاتے ہیں۔ ان نمائندوں کو پیسے نہیں دیے جاتے بلکہ اپنے مشیروں کے ذریعے تقسیم کیے جاتے ہیں لیکن عوام پر جب قرضوں کا بوجھ آتا ہے تو ان ایم پی اے پر بھی اس کا بوجھ آتا ہے۔

(اس موقع پر ایوان میں جمعہ کی اذان سنائی دی)

جناب ڈپٹی چیئرمین: جن جن ممبران کی باری ہے وہ مختصر بات کریں کیونکہ نماز کا بھی وقت ہے۔ جی مولانا فیض محمد صاحب۔

سینیٹر مولوی فیض محمد: بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔ جناب چیئرمین! غریب لوگ اپنے بچوں کی خوراک، پوشاک اور تعلیم کا بندوبست کس طرح کریں؟ بلوچستان کو اللہ تعالیٰ نے الحمدللہ بہت ساری معدنیات دی ہیں جن میں Gas, Saindak, Reko Dik, Chromite, Barite ہے، اتنی معدنیات ہیں، ان کے لیے بیرونی ممالک سے جو معاہدے ہوتے ہیں کہ وہ اتنے ہماری حکومت کو دیں گے، اس میں سے بھی بلوچستان کو پورا حصہ نہیں دیا جاتا۔ خیر حقوق تو اپنی جگہ پر ہیں، میں یہ عرض کرنا چاہتا ہوں کہ بلوچستان میں ہماری جانیں محفوظ نہیں ہیں، ڈاکو اور چور ہیں، ایسے لوگ بھی ہیں جو اغوا ہوئے ہیں۔

جناب چیئرمین! میں آپ کو بتانا چاہتا ہوں مجھے اسلام آباد میں بندر اور ان کے بچے بھی دکھائی دیتے ہیں، ایک جانور جس کا نام میں اپنی زبان سے نہیں لینا چاہتا، اسے بے نام جانور کہا جاتا ہے، سوّر، وہ بھی سڑکوں پر اِدھر اُدھر پھرتے ہیں، ان کی بھی جان محفوظ ہے۔ کیا بلوچستان کے لوگوں کی قدر ان بندروں جیسی بھی نہیں ہے کہ ان کے بچے مارے جا رہے ہیں؟ وہاں اتنی بدامنی ہے، یا ان

سوّروں جیسے نہیں ہیں کہ یہ بڑے آرام کے ساتھ اپنے بچوں کے ساتھ کھیلتے ہیں جبکہ بلوچستان کی مائیں جن کے بچے آج تک گم ہیں، وہ سڑکوں پر بیٹھ کر روتی رہتی ہیں۔ ہمیں اس حکومت کا کیا فائدہ ہوا کہ ہماری جان بھی محفوظ نہیں، عزت بھی محفوظ نہیں اور مال بھی محفوظ نہیں ہے۔

جناب چیئرمین! بھوک کی وجہ سے خودکشی، حضور ﷺ نے فرمایا کہ خودکشی نہ کرو، اس کی اجازت نہیں دی لیکن بے علمی اور بے خبری کی وجہ سے لوگ خودکشی کرتے ہیں۔آپ فیصلہ عوام سے کروائیں کہ پہلے والی حکومتیں بھی تھیں، ہم ان کی تعریف نہیں کرتے، ان میں خامیاں ہوں گی لیکن جتنی خودکشیاں اس حکومت کے دور میں ہوئی ہیں، اس سے پہلے کسی بھی حکومت کے دور میں نہیں ہوئی تھیں، آپ اس کے بارے میں اندازہ کریں تو آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ معیشت پہلے والی حکومتوں نے خراب کی ہے یا موجودہ دور میں ہوئی ہے۔ میری گزارش ہے کہ ہماری جان، مال اور عزت کی حفاظت ہونی چاہیے۔آج کل یہ ہو گیا کہ ہم یہاں بیٹھے ہوتے ہیں، یہ اُنہیں برا کہتے ہیں جبکہ وہ اِنہیں برا کہتے ہیں۔ حضور ﷺ نے فرمایا (عربی) (مفہوم) میری امت ایک دوسرے کو گالیاں دے گی، اللہ کی نظر سے گر جائے گی۔ اگر کوئی حقیقت ہے، کسی نے بتایا کہ آپ کی یہ خامیاں ہیں تو آپ اس کا صحیح جواب دیں۔ سیدنا عمر فاروق خطبے کے لیے کھڑے تھے اور کہا کہ میری بات سنو اور پھر عمل کرو، ایک آدمی کھڑا ہوتا ہے اور کہتا ہے کہ (عربی) (مفہوم) ہم بات نہیں سنیں گے، ہم فرمانبرداری نہیں کریں گے، آپ جذباتی نہیں ہوئے، آپ نے فرمایا کیوں میاں کیا وجہ ہے، کہا کہ آپ کے بدن پر جو کپڑے ہیں، یہ فلاں جگہ سے آئے تھے، ہمارا ان سے کرتہ نہیں بن سکتا تھا، آپ کو بھی ایک ہی کپڑا ملا ہے، ایسے نہیں ہے کہ تیس، چالیس آدمیوں کو اپنے ساتھ tour پر لے جائیں اور سارا بوجھ حکومت پر ڈال دیں۔ سیدنا عمر شام کی طرف گئے اور ایک غلام ساتھ ہے، ایک دن حضرت عمر سواری کرتے ہیں اور دوسرے دن غلام سوار ہوتے ہیں، جب بیت المقدس میں پہنچتے ہیں تو اس وقت غلام اونٹ پر سوار ہیں اور حضرت عمر فاروق اونٹ کی مہار پکڑ کر پیدل چل رہے ہیں، یہ لوگ حاکم تھے۔ حضرت عمر فاروق نے فرمایا (عربی) (مفہوم) عبداللہ کہاں ہیں؟ حضرت عمر کے بیٹے عبداللہ اٹھے، عبداللہ تم اسے جواب دے دو، عبداللہ اٹھے اور کہا کہ واقعی ایک کپڑے سے ان کا لباس نہیں بن رہا تھا، میں نے اپنا حصہ والد صاحب کو دیا جس سے ان کا لباس بنا ہے۔ اب وہ آدمی کھڑا ہو کر کہتا ہے کہ (عربی) (مفہوم) آپ کہیں، ہم آپ کی بات سنیں گے۔ اس لیے گزارش ہے کہ اگر

حکومت سے کوئی سوال ہو تو پھر اس کا صحیح انداز میں جواب دیا جائے۔ میں کہتا ہوں کہ یہ بجٹ ظلم کا بجٹ ہے، اسے منظور نہ کیا جائے۔ وآخر دعوانا اِن الحمد للہ رب العالمین۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر سردار ترین صاحب۔ سینیٹر فیصل جاوید صاحب۔

Senator Faisal Javed

سینیٹر فیصل جاوید: شکریہ، جناب چیئرمین! میں مختصر بات کروں گا۔ یہ بات کر رہے ہیں کہ mini budget, mini budget کوئی چیز نہیں ہے، یہ Finance Bill ہے اور یہ اس کے حقائق بالکل بگاڑ کر قوم کے سامنے رکھ رہے ہیں، یہ قوم کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ میں آپ کے سامنے ایک chart رکھتا ہوں جو یہ وضاحت کرتا ہے کہ پی ٹی آئی کی حکومت سے پہلے، عمران خان صاحب کی حکومت سے پہلے کون کتنی مرتبہ IMF کے پاس گیا اور ان سے کتنا borrow کیا ہے۔ بالخصوص PPP and PML (N) دونوں مل کر اس سے پہلے چودہ مرتبہ IMF کے پاس جا چکے ہیں۔ IMF سے قرضوں کے total حجم کا 82% ان دو پارٹیوں نے لیا ہے۔ پچھلے سارے ادوار کا ملا کر ان دونوں کا 82 فیصد حجم نکلتا ہے اور آپ کے سامنے یہ facts and figures ہیں لہٰذا یہ قوم کو گمراہ نہ کریں اور یہ جو Finance Bill ہے پتا نہیں یہ کتنے ارب کی بات کر رہے ہیں۔ یہ بات سچ ہے کہ IMF نے کہا کہ 7 سو ارب روپے کا ٹیکس لگایا جائے لیکن عمران خان نہیں مانے، انہوں نے کہا کہ ساڑھے تین سو ارب، اب جو 342 ارب ہیں ان میں سے بھی صرف 71 ارب ایسا ہے جو refundable نہیں ہے اور باقی تو اس کی مد میں آتا ہی نہیں ہے وہ یا تو adjustable ہے یا within seven days refundable ہے۔ وہ بھی luxury items پر ہے اور صرف 2 ارب ایسا ہے جو کہ باقی چیزوں پر ہے جس کا غریب پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔ بلکہ ایک جو اچھی چیز ہو رہی ہے اور وہ نکتہ کوئی اٹھا ہی نہیں رہا وہ یہ ہے کہ اس سے ہماری economy, documented economy ہو جائے گی جس سے غریب کو فائدہ ہوگا۔ امیر سے ٹیکس لے کر، revenue collection بڑھا کر حکومت غریبوں پر لگائے گی اور ان اقدامات سے غریب کو فائدہ ہوگا۔ Steaks پر ٹیکس لگ رہا ہے تو steaks نہ کھائیں یہ تو امیر ترین لوگ کھاتے ہیں نا غریب تو steaks نہیں کھاتا، اسی طرح باقی items ہیں۔ مجھے نہیں پتا اعجاز چوہدری صاحب کو تفصیل پتا ہوگی کہ وہ کون کون سے items ہیں۔

2018 میں پاکستان کہاں پر تھا؟ یہ دیکھنا بہت ضروری ہے۔ سارے کے سارے ادارے خسارے میں چھوڑ کر گئے، PML(N) اور Peoples Party کی حکومتیں ملک کو دیوالیہ کر کے گئیں۔ وہ جو 10 سال تھے جن کو ہم Charter of Corruption کہتے ہیں ان میں ان کی حکومتیں ملکی قرضہ 6 ہزار ارب سے لے کر 30 ہزار ارب پر لے گئیں۔ 1947 میں پاکستان بنا اور 1947 سے لے کر 2008 تک کا قرضہ صرف 6 ہزار ارب تھا پھر 2008 سے لے کر 2018 تک کا قرضہ 24 ہزار ارب روپے ہوا تو یہ 30 ہزار ارب روپے پر لے کر گئے۔ Current Accounts خسارہ جس کی تقاریر میں بہت بات ہوئی وہ 2018 میں 20 ارب ڈالر تھا، revenue collection نچلی سطح پر تھی، exports growth zero پر تھی، کسان بھی بد حالی کا شکار تھا، IT کے شعبے کو بھرپور طریقے سے نظرانداز کیا گیا تھا اور یہ پچھلے دس سال جن میں ملک کا کباڑہ کیا گیا ان میں حکمرانوں نے سرکاری خزانے سے اپنی ذات پر پیسے لگائے۔ آصف علی زرداری نے دبئی کے تقریباً پچاس دورے کیے، نواز شریف نے لندن کے تقریباً پچیس دورے کیے جن میں بڑے بڑے محلّات، camp offices, security expenses, سرّے محل، Avenfield Apartments ان سب سے غریب کے حالات تو برے ہوئے اور ان کے حالات اچھے ہوئے۔ ان کی اومنی اور ٹی ٹیاں اوپر گئیں، ان کی بیرون ملک جائیدادیں اوپر گئیں، ان کا سرمایہ اوپر گیا، ان کے کاروبار میں ترقی آئی لیکن غریب آدمی غریب سے غریب تر ہوا، یہ تو تھا کل کا پاکستان۔ آج کا پاکستان کیا ہے؟ آج کے پاکستان میں اداروں میں تیزی سے بحالی آ رہی ہے، خسارے ختم کیے جا رہے ہیں، انہیں ریکارڈ نفع میں بدلا جا رہا ہے۔ آج ہماری revenue collection عروج پر ہے، ڈپٹی چیئرمین صاحب! آپ جانتے ہیں کہ exports میں نمایاں اضافہ ہوا ہے، احساس پروگرام جیسے عظیم منصوبوں کا اجرا کیا گیا ہے جس کی دنیا نے پذیرائی کی ہے۔ احساس کفالت، احساس آمدن، احساس نشو و نما اور سب سے بڑھ کر احساس بلا سود قرضوں جیسے عظیم منصوبے جاری ہیں اور ایک اور چیز جو ہم ہر دفعہ highlight کرتے ہیں اور وہ اس لیے ضروری ہے کہ ایک غریب گھرانے میں جب کوئی بیماری آ جاتی ہے اور انہوں نے بچیوں کی شادی کے لیے پیسے اکھٹے کیے ہوتے ہیں اور پوری زندگی کی کمائی بیماری پر لگ جاتی ہے اور زندگی مشکل ہو جاتی ہے لیکن اب Health Card کے بعد فی خاندان دس لاکھ روپے سالانہ خرچہ حکومت دے رہی ہے،

آپ کسی بھی top hospital سے اپنا علاج کروائیں خرچہ حکومت دے گی۔آج پورا KP covered ہے، اس مارچ میں پورا پنجاب ہو جائے گا، اسلام آباد، گلگت۔ بلتستان، کشمیر، بلوچستان بھی ہو رہے ہیں اور ہم سندھ کو بھی کہتے ہیں کہ قدم بڑھاؤ ہم تمہارے ساتھ ہیں، آؤ Health Card لے کر، آؤ ہم آپ کو support کریں گے لیکن یہ نہیں لانا چاہتے، مجھے بات ختم کرنے دیجیے گا۔

آج بھی امریکہ جیسے developed countries بھی universal health coverage نہیں دے سکے جو عمران خان نے دے کر دکھائی۔ کورونا جیسی مشکل آفت 100 سالوں کے بعد نظر آتی ہے، اگر ان کے ادوار میں کورونا آگیا ہوتا تو میں یقین سے یہ بات کہتا ہوں کہ ڈالر آج 270 کا ہوتا، اللہ تعالیٰ کا کرم رہا، حکومت کی نیک نیتی رہی کہ کورونا میں ملکی تاریخ کا سب سے بڑا social assistance package دیا گیا، ڈیڑھ کروڑ سے زیادہ مستحق خاندانوں کو نہایت شفافیت کے ساتھ کیش کی ترسیل کی گئی، ان کی دعائیں لگیں کہ پاکستان نے اللہ کے کرم سے بڑے زبردست طریقے سے manage کیا ہے جس کی دنیا تعریف کرتی ہے، چاہے World Economic Forum ہو، WHO ہو، برطانیہ ہو، Bill Gates ہو یا جو بھی ہو سب تعریف کرتے ہیں۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: سینیٹر صاحب! مختصر کریں، نماز کا وقت ہے، ایک دو ممبرز نے ابھی بولنا ہے۔

سینیٹر فیصل جاوید: جناب! بس بات ختم ہو رہی ہے۔ کورونا میں جہاں دنیا بھر کی اکانومی نفی میں چلی گئی مگر ہماری 4% growth پر رہی، پوری دنیا کی economy shrink ہوئی، نیچے گئی مگر پاکستان میں economic growth ہوئی۔آپ سب کو پتا ہے کہ کورونا کے بعد دنیا بھر میں مہنگائی ہوئی ہے، پاکستان میں بھی مہنگائی ہوئی ہے لیکن اب سے پہلے کی حکومتیں کبھی نہیں مانتی تھیں کہ مہنگائی ہے، یہ ڈھیٹ بن جاتے تھے کہ کون سی مہنگائی، کیسی مہنگائی مگر آج وہ حکومت ہے جو realize کرتی ہے کہ ہاں آج مہنگائی ہے اور اس مہنگائی پر قابو پا رہے ہیں اور میں آپ کو یہ بتاؤں کہ اگلے ڈھائی سے تین ماہ میں مہنگائی نیچے چلی جائے گی۔ لیکن اس کے بیچ کیا کیا گیا؟ اس کے بیچ کامیاب پاکستان جیسے منصوبے لے کر آئے، آٹا، گھی اور دالوں پر direct subsidy

دی، 30 فیصد سستی چیزیں دیں، دو کروڑ گھرانوں کو راشن کارڈ کے ذریعے اشیاٗ دی گئیں اور اقدامات بھی کیے گئے جیسا کہ میں نے ابھی تھوڑا سا ذکر کیا کہ بلاسود قرضے، ہر خاندان کے فرد کے لیے technical education کا انتظام کیا گیا اور ہم نے 47 ارب کے scholarships بھی دیے لیکن یہ اس بات کو highlight نہیں کریں گے۔ ایک ارب روپے سے زیادہ کی subsidy دی جاچکی ہے اس کے علاوہ کامیاب جوان پروگرام تیزی کے ساتھ جاری ہے۔

پہلے کیا ہوتا تھا کہ international media ان کی کرپشن پر فلمیں بناتا تھا، نواز شریف کی کرپشن پر BBC کی فلم ہے، آصف علی زرداری کی کرپشن پر BBC کی فلم ہے، بین الاقوامی سطح پر چار سے پانچ کتابیں ہیں جن میں ان کی کرپشن کا ذکر کیا گیا ہے اور وہاں پر جو کتاب لکھیّ جاتی ہے وہ وکیل کو بٹھا کر لکھی جاتی ہے تاکہ کوئی بات غلط نہ لکھے اور اگر غلط لکھی ہے تو آپ ان کو suo کریں۔ آپ کو کرپشن سے زیادہ پیسہ اس میں مل جائے گا، ان کی یہ پذیرائی عالمی میڈیا میں ہوتی تھی۔ ہماری پذیرائی کہاں پر ہو رہی ہے؟ ہماری پذیرائی climate change پر ہو رہی ہے، احساس پروگرام پر ہو رہی ہے، COVID management پر ہو رہی ہے اور ساتھ ہی ساتھ جو tourism کے حوالے سے اقدامات کیے گئے ہیں، ان کی پذیرائی ہو رہی ہے تو یہ فرق ہے۔ آخر میں بس ایک بات کروں گا اور پھر wind up کروں گا۔ یہ بات تو سچ ہے کہ آنے والے دنوں میں exchange rate بھی ٹھیک ہو جائے گا، مہنگائی میں بھی کمی آئے گی لیکن ہم نے یہ دیکھنا ہے کہ جو لیڈر وزیراعظم عمران خان ہے، میں آپ کو چیلنج کرتا ہوں کہ کیا یہ بات آپ کہہ سکتے ہیں؟ میرے لیڈر نے نہ تو بیرون ملک جائیدادیں بنائی ہیں، نہ انہوں نے یہاں پر کوئی کاروبار کرنا ہے، نہ اپنی ملیں لگانی ہیں، نہ Avenfield Apartments بنانے ہیں، نہ سرے محل بنانے ہیں، انہوں نے جو کرنا ہے اس ملک کے لیے کرنا ہے۔ کیا یہ اپنے لیڈرز کے بارے میں یہ سب کچھ کہہ سکتے ہیں کہ ان کے لیڈرز کی بیرون ملک جائیدادیں نہیں ہیں۔ اس چیز پر بات ختم ہو جاتی ہے باقی۔۔۔

جناب ڈپٹی چیئرمین: شکریہ فیصل صاحب۔ نماز کا وقت ہونے والا ہے ایک اور ممبر نے بھی بات کرنی ہے۔

سینیٹر فیصل جاوید: بس میں ایک شعر پر اپنی بات کو ختم کروں گا، یہ عمران خان کے لیے شاعر نے کہا ہے؛

عرش والے میری توقیر سلامت رکھنا
فرش کے سارے خداؤں سے الجھ بیٹھا ہوں

جناب ڈپٹی چیئرمین: ہماری گیلری میں کچھ مہمان ایران سے آئے ہیں ہم ان کو welcome کرتے ہیں۔ جی سینیٹر ولید اقبال صاحب۔

Senator Walid Iqbal

سینیٹر ولید اقبال: شکریہ، جناب چیئرمین! میں اپنے فاضل دوست حاجی ہدایت اللہ صاحب کو بڑے انہماک سے سن رہا تھا جو کہ ابھی جا چکے ہیں۔ وہ کہہ رہے تھے کہ لوگ رو رہے ہیں اور کچھ لوگ ہنس رہے ہیں۔ میں ان کو تسلی دینا چاہتا ہوں کہ اس حکومت کی جو معاشی اور سماجی تحفظ کی پالیسیاں ہیں وہ اچھے دنوں کی نوید ہیں اور میں میر تقی میر کا ایک شعر ان کی نذر کرتا ہوں۔

جو ہنس رہا ہے وہ ہنس چکے گا
جو رو رہا ہے وہ رو چکے گا
سکون دل سے خدا خدا کر
جو ہو رہا ہے وہ ہو چکے گا

جناب چیئرمین! میرے فاضل دوست فیصل جاوید صاحب نے درست بات کی۔ یہ جو کہہ رہے ہیں کہ ہم IMF سے dictation لیتے ہیں۔ IMF کا مطالبہ 700 ارب روپے کی tax exemption کو واپس لینے کا تھا اور حکومت نے صرف 343 billion کا agree کیا ہے۔ IMF کی آج کوئی نئی بات نہیں ہے۔ پاکستان 23ویں مرتبہ IMF کے پاس گیا ہے حالانکہ جس طرح کہا گیا کہ پاکستان کی 4% economic growth رہی جبکہ انڈیا کی منفی 1% تھی۔ UK کی منفی 10% تھی۔ USA کی منفی 3.7% تھی۔ ایران کی منفی 6.5% تھی۔ Exports record پر ہیں۔ Remittances record پر ہیں۔ Tax revenues record پر ہیں۔ پھر بھی ہمیں کیوں ان challenges کا سامنا ہے۔ کیوں ہم بین الاقوامی اداروں پر انحصار کر رہے ہیں۔ اس کا بھی جواب میرے فاضل دوست کچھ حد تک دے چکے ہیں۔ اعجاز چوہدری صاحب نے ابھی جو بات کی کہ فنانس منسٹر صاحب سے قومی اسمبلی میں پوچھا گیا کہ آپ نے کتنا قرضہ لیا ہے تو انہوں نے جواب دیا کہ 38 billion ہم نے قرضہ لیا ہے۔ اس میں سے کتنا حصہ پچھلے قرضے

اتارنے میں گیا تو وہ 29 billion تھا یعنی 78% تھا۔ چلیں ہمارے figures آپ نہ مانیں۔ میں "Business Recorder" کے figures دہرا دیتا ہوں۔ "Business Recorder" کے مطابق اس حکومت نے 42 billion کے قرضے لیے ہیں۔ اس میں سے 32 billion پچھلے debts کو service کرنے کے لیے جاتے رہے ہیں۔ باوجود اتنی زبردست fundamentals کے، یہ جو remittances ہیں، جو ذخائر ہیں، جو exports ہیں اور جو revenue collections ہیں ہمیں پھر بھی اس بوجھ کی وجہ سے انحصار کرنا پڑ رہا ہے جو کہ پچھلی حکومتیں ہمارے اوپر چھوڑ کر گئی ہیں۔ خاص کر جس طرح فیصل جاوید صاحب نے کہا وہ قرضے جو کہ PPP اور PML (N) کی حکومتوں نے 2008 سے لے کر 2018 کے درمیان کے دس سالوں میں لیے ہیں۔

جناب چیئرمین! GST کا تصور 1990 کے Act کے ذریعے آیا جو کہ taxes on goods لگانے کا بالکل ناہموار طریقہ تھا۔ جن کو indirect taxes بھی کہتے ہیں۔ کچھ zero rated تھیں، کچھ reduced rate پر تھیں، کچھ کو exemption تھیں اور کچھ پر full rate تھا۔ ایک مرتبہ 2010-2011 میں پاکستان پیپلز پارٹی کی حکومت نے کوشش کی کہ اس میں ہمواری لائی جاسکے لیکن وہ نہیں لاسکے۔ ان کو abandon کرنا پڑا۔ اب دس سال بعد this Government is taking the right steps. یہ جو Finance Supplementary Bill ہے اس کے ذریعے جو اقدامات لیے جا رہے ہیں یہ وہ صحیح steps ہیں۔ یہ میں نہیں کہہ رہا۔ یہ کون کہہ رہا ہے۔ یہ ڈاکٹر عابد قیوم سلہری صاحب جو Sustainable Development Policy institute کے سربراہ ہیں وہ کہہ رہے ہیں کہ ساری distortions دور کی جا رہی ہیں اور exemption across the board withdraw کی جا رہی ہیں۔ Yes, luxury goods کی قیمت میں اضافہ ہوگا۔ یہ ماہرین معاشیات کہہ رہے ہیں۔ تو نہ بنیں انوکھے لاڈلے جو کھیلن کو چاند مانگتے ہیں۔ آٹا، میدے، چاول، سبزیوں، پھل، دالوں، مچھلی، مرغی، گوشت اور سب essential food items پر ابھی بھی zero rating and exemption جاری ہے۔ ٹریکٹر، کھاد، pesticides, used clothing and foot wears پر ابھی بھی reduced rates ہیں۔ کوئی

تبدیلی نہیں لائی گئی۔ Economists and experts کہہ رہے ہیں کہ اس کا غریب طبقہ پر کوئی اثر نہیں ہوگا۔

جناب چیئرمین! ایک اور اہم بات یہ ہے کہ یہ جو 2021 کا Finance کا Supplementary Bill ہے اس کے ذریعے دوائیوں کی قیمتوں میں کمی آئے گی۔ جناب چیئرمین! Official data کے مطابق 800 دواساز کمپنیوں میں سے صرف 453 are registered with the Drug Registration Authority of Pakistan. یہ جو exemption کو وہاں سے نکال کر اور وہ جو input tax کی adjustment and documentation کا سلسلہ zero rating دے کر کیا جارہا ہے اس میں input tax کی deduction کی وجہ سے پورا sector documented ہوگا spurious drugs سے جو مسیحا خود موت کا سامان پیدا کرتا ہے اس سے اس Supplementary Finance Bill کے ذریعے نجات ملے گی۔

جناب چیئرمین! اس کے علاوہ tax exemption کو واپس لے کر اس Supplementary Finance Bill سے Government exemption کی بجائے targeted subsidies کی طرف move کر رہی ہے۔ جناب چیئرمین! یہ refunds and adjustments کو اگر net کرنے کے بعد نکال دیں تو 33 ارب روپے کا revenue اس Supplementary Finance Bill کے نتیجے میں آئے گا وہ targeted subsidies پر لگایا جائے گا۔ جو دودھ کی بات کر رہے ہیں۔ Rs. 10.5 billion are allocated for targeted subsidy for infant formula milk. Rs. 8 billion targeted subsidy ہے وہ Seeds کے لیے ہیں جو کاٹن اور مکئی کے ہیں۔ Rs. 6 billion targeted subsidy poultry, Rs. 5 cattle and fish feeds کے raw material کے لیے دی جارہی ہے۔ Rs. 1.3 billion for billion targeted subsidy oil کے لیے دی جارہی ہے۔ those goods that are supplied to Government hospitals. ایک ارب روپے کی targeted subsidy agriculture

targeted subsidy کی 400 million dollars کے لیے ہے۔ equipment on imported laptops and computers ہے۔

Mr. Chairman, Pakistan badly needs documentation of the economy. Pakistan badly needs to broaden its tax base and this Supplementary Finance Bill is going to have a mega impact in that respect.

چشم نم جان شوریدہ کافی نہیں
تہمت عشق پوشیدہ کافی نہیں
آج بازار میں پابہ جولاں چلو

جناب چیئرمین! میری recommendations یہ ہیں۔ کسی اور نے recommendation تو نہیں دی۔ میری recommendation یہ ہے کہ جس طرح Bill National Assembly سے آیا ہے اسی طرح National Assembly یہ منظور بھی کرے۔ بہت شکریہ۔

Mr. Deputy Chairman: The House stands adjourned to meet again on Monday, the 10th January, 2022 at 3:00 p.m.

[The House was then adjourned to meet again on Monday, the 10th January, 2022 at 3:00 p.m.]

Index

Senator Ejaz Ahmad Chaudhary 7
Senator Faisal Saleem Rehman 70
Senator Mushtaq Ahmed 17, 28, 39
Senator Shaukat Fayaz Ahmed Tarin 7, 18, 70
Senator Syed Ali Zafar 59
Senator Zeeshan Khan Zada 2
سینیٹر اعجاز احمد چوہدری 10, 90, 93
سینیٹر انجینئر رخسانہ زبیری 12, 14, 57, 76
سینیٹر جام مہتاب حسین ڈاہر 17
سینیٹر ذیشان خانزادہ 3
سینیٹر رانا مقبول احمد 25, 86, 88, 89
سینیٹر زرقا تیمور سہروردی 81
سینیٹر سیف اللہ ابڑو 5
سینیٹر عرفان الحق صدیقی 26
سینیٹر فیصل جاوید 97, 99, 100
سینیٹر محمد طاہر بزنجو 6
سینیٹر مشتاق احمد 24, 35, 38, 54, 55, 72, 73
سینیٹر مولوی فیض محمد 95
سینیٹر ہدایت اللہ خان 83, 84
سینیٹر ولید اقبال 101
سینیٹر مشتاق احمد 20
علی محمد خان 3, 4, 6, 11, 14, 16, 17, 20, 21, 22, 23, 24, 25, 26, 28, 36, 37, 38, 54, 55, 56, 58, 59